★★★ پاک سرزمین کا نظام..... قوت اخوت عوام ★★★

ABC CERTIFIED DAILY QUWAT LAHORE

روزنامہ قوت لاہور

چیف ایگزیکٹو حاجی ملک محمد وحید

چیف ایڈیٹر میاں محمد فیاض

Www.dailyquwat.com Email:dailyquwat786@gmail.com

جلد نمبر 16 | پیر 22 ذوالحجہ 1447ھ، 8 جون 2026ء، 25 جیٹھ 2082ب (صفحات 8 قیمت 15 روپے) | شمارہ نمبر 171

فیلڈ مارشل کی دعوت پر لبنانی آرمی چیف کا دورہ پاکستان، جنگ بندی پر پیشرفت متوقع

جنرل روڈولف ہیکل پاکستان کے چیف آف آرمی اسٹاف فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کی دعوت پر پاکستان روانہ ہوئے، تاہم لبنانی فوج کی جانب سے دورے کے دورانیے اور ملاقاتوں کی تفصیلات جاری نہیں کی گئیں

اسلام آباد (ویب ڈیسک) لبنان کی مسلح افواج کے سربراہ جنرل روڈولف ہیکل پاکستان کا سرکاری دورہ کر رہے ہیں جس سے جنگ بندی پر اہم پیشرفت کا امکان پیدا ہو گیا ہے۔ لبنانی فوج کے جاری کردہ بیان کے مطابق جنرل روڈولف ہیکل پاکستان کے چیف آف آرمی اسٹاف فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کی دعوت پر پاکستان روانہ ہوئے تاہم لبنانی فوج کی جانب سے دورے کے دورانیے اور ملاقاتوں کی (بقیہ نمبر 1)

اس تصویر میں یوکرین کے علاقے کیف میں روسی ڈرون حملے سے 1 متاثرہ ڈیری پلانٹ کی جگہ پر امدادی کارکن کام کر رہے ہیں

امریکا کو اسرائیلی جاسوسی کا خوف؟ پینٹا گون نے خطرے کی سطح بلند ترین درجے پر پہنچا دی

دوسری جانب واشنگٹن میں موجود اسرائیلی سفارت خانے نے ان تمام الزامات کو مسترد کر دیا ہے

اسرائیل امریکی حکومتی اداروں یا اہلکاروں کے خلاف کسی قسم کی جاسوسی نہیں کرتا

واشنگٹن (این این آئی) امریکی محکمہ دفاع (پینٹا گون) نے مبینہ اسرائیلی جاسوسی کے خدشات کے پیش نظر اسرائیل سے متعلق اپنی کانٹر انٹیلیجنس خطرے کی درجہ بندی کو انتہائی بلند سطح تک بڑھا دیا ہے۔ یہ دعویٰ ایک امریکی میڈیا رپورٹ میں کیا گیا ہے۔ امریکی نشر (بقیہ نمبر 2)

بھارت میں جین زی تحریک کا کروچ

جنتا پارٹی کا احتجاج شدت اختیار کر گیا

نئی دہلی: (نیوز ایجنسی) بھارت میں تعلیمی نظام اور امتحانی بے ضابطگیوں کے خلاف طلبا کے احتجاج میں شدت آ گئی۔ عالمی جریدہ الجزیرہ کے مطابق کاکروچ جنتا پارٹی کے جنتر منتر پر بھرپور احتجاج نے نوجوانوں کی بڑی (بقیہ نمبر 3)

اسلام آباد: دیوان موٹرز کے زیر اہتمام منی برانڈ ڈسپلے اور آل الیکٹرک وہیکل شوکیس ایونٹ میں چیئرمین سینیٹ، سید یوسف رضا گیلانی کا استقبال کر رہے ہیں

حکومت اور اتحادی جماعت پیپلز پارٹی کے درمیان بجٹ پر ڈیڈ لاک برقرار

پیپلز پارٹی کو صوبوں سے اضافی ٹیکا سبسڈیز اور ترقیاتی بجٹ سے متعلق تحفظات ہیں، کے فور منصوبہ، ترقیاتی کاموں کیلئے فنڈز نہ ملنا، سکھر کراچی موٹر ویز کا منصوبہ ڈیڈ لاک کی وجوہات ہیں

حکومت صرف ایک صوبے کیلئے فنڈز دے رہی ہے، باقی تین منصوبوں کو فنڈز نہیں دیئے جا رہے۔ پیپلز پارٹی نے بجٹ کے حوالے سے اپنی تحریری سفارشات حکومت کے حوالے کر دی ہیں

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) حکومتی وفد اور پاکستان پیپلز پارٹی کے درمیان بجٹ کے متعلق ہنگامی اجلاس ہوا مگر ڈیڈ لاک ختم نہ ہو سکا۔ ذرائع پیپلز پارٹی نے بتایا کہ حکومت اور پیپلز پارٹی کے درمیان ڈیڈ لاک ختم کرنے کے لئے دونوں اطراف سے کوشش جار (بقیہ نمبر 4)

اسرائیل کا غیر انسانی فعل لبنان پر انتہائی مہلک کیمیکل سے حملہ

اسرائیل نے لبنان کے گنجان آباد علاقوں پر کئی بار زہریلے سفید فاسفورس کا استعمال کیا، آتش گیر اور متنازع کیمیائی مادہ انسانی جسم کیلئے انتہائی مہلک ہے

کیمیائی مادہ انسانی جسم کو شدید نوعیت کے زخم پہنچانے کی صلاحیت رکھتا ہے۔ رپورٹ

نیویارک (نیٹ نیوز) نیویارک ٹائمز نے اسرائیل کا غیر انسانی فعل بے نقاب کرتے ہوئے بتایا ہے کہ اسرائیل نے لبنان پر انتہائی مہلک کیمیکل سے حملہ کیا ہے۔ اسرائیل نے لبنان کے گنجان آباد علاقوں پر کئی بار زہریلے سفید فاسفورس کا استعمال کیا، آتش گیر اور متناز (بقیہ نمبر 5)

تہران، پاکستانی وزیر داخلہ محسن نقوی نے ایران کے وزیر خارجہ عباس عراقچی سے ملاقات کر رہے ہیں

موسمیاتی تبدیلی؛ خوراک کے بدلتے رجحانات جیسے چیلنجز کا سامنا ہے، مریم نواز شریف

غیر محفوظ خوراک سے پیدا کردہ بیماری اور غذائی قلت کا سدباب ہماری مشترکہ ذمہ داری ہے

لاہور (این این آئی) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے تحفظ خوراک کے عالمی دن پر اپنے پیغام میں کہا ہے کہ تحفظ خوراک کے عالمی دن پر محفوظ اور غذائیت سے بھرپور (بقیہ نمبر 8)

پاکستان میں بچت کی شرح 30 سال کی کم ترین سطح پر پہنچنے کا انکشاف

لاہور (این این آئی) پاکستان انسٹیٹیوٹ آف ڈیولپمنٹ اکنامکس کی (بقیہ نمبر 6)

جنوبی کوریا میں پہلی خاتون کاروباری رہنما وزیر اعظم نامزد

سیئول: (ویب ڈیسک) جنوبی کوریا کے صدر لی جے میونگ نے کاروباری اور ٹیکنالوجی شعبے سے تعلق رکھنے والی ہان سیونگ (بقیہ نمبر 7)

اسلام آباد، وفاقی وزیر پارلیمانی امور طارق فضل چوہدری سیاسی رہنماؤں کے ہمراہ پریس کانفرنس کرتے ہوئے

غزہ جنگ بندی معاہدہ آگے بڑھانے کیلئے قاہرہ میں مذاکرات کا نیا دور

مصر کی میزبانی میں حماس اور دوسرے فلسطینی دھڑوں کے درمیان اہم بیٹھک ہو رہی ہے، قاہرہ 2 ماہ میں غزہ معاملے پر مذاکرات کے 5 راؤنڈز کی میزبانی کر چکا ہے

مذاکرات کا مقصد اسرائیل اور فلسطینی دھڑوں کیلئے قابل عمل راہ ہموار کرنا ہے۔

قاہرہ (نیٹ نیوز) غزہ جنگ بندی معاہدہ آگے بڑھانے کے لیے مصر کی میزبانی میں قاہرہ میں مذاکرات کا نیا دور شروع ہو گیا۔ مصر کی میزبانی میں حماس اور دوسرے فلسطینی دھڑوں کے درمیان اہم بیٹھک ہو رہی ہے، قاہرہ 2 ماہ میں غزہ معاملے پر مذاکرات کے 5 راؤنڈز کی میزبانی کر چکا ہے، مذاکرات کا مقصد اسرائیل اور فلسطینی دھڑوں کیلئے قابل عمل راہ ہموار کرنا ہے۔ غزہ جنگ بندی معاہدے کے مراحل پر عملدر (بقیہ نمبر 12)

گورنر پنجاب (کل) مرید کے کا دورہ کرینگے

مرید کے (این این آئی) گورنر پنجاب سردار سلیم حیدر خان کل (منگل) کے روز مرید کے کا دورہ کریں گے۔ گورنر پنجاب وہ ایک تقریب میں شرکت کے علاوہ پیپلز پارٹی کے سابق ٹکٹ ہولڈر سید تنویر حسین شاہ کی رہائش گاہ پر پیپلز پارٹی کے کارکنوں سے ملاقات بھی کریں گے۔

ایک لاکھ 19 ہزار 210 سرکاری حجاج نے 139 ارب 16 کروڑ روپے خرچ کیے

لاہور (این این آئی) رواں سال سرکاری حج اسکیم کے تحت فریضہ (بقیہ نمبر 9)

سوڈان کے بازار پر ڈرون حملہ، 11 شہری جاں بحق، درجنوں زخمی

سوڈان کی جنگ چوتھے سال میں داخل، دسیوں ہزار افراد ہلاک اور ایک کروڑ 30 لاکھ افراد بے گھر

سوڈان میں جنگ کے نتیجے میں دنیا کا سب سے بڑا بے گھری اور بھوک کا بحران پیدا ہو گیا، اقوام متحدہ

خرطوم (این این آئی) مرکزی سوڈان کے ایک بازار پر ڈرون حملے میں کم از کم 11 افراد شہید اور درجنوں زخمی ہو گئے ہیں۔ سوڈانی انسانی حقوق گروپ کے مطابق فضائی حملو (بقیہ نمبر 11)

مالی سال 2025 میں ٹیکس وصولیوں میں 26 فیصد اضافہ ریکارڈ کیا گیا

اے آئی سے ٹیکس چوری کی نشاندہی میں بہتری، اہم صنعتی شعبوں سے اربوں روپے اضافی ٹیکس وصول کیا گیا

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان میں ٹیکس نظام، ڈیجیٹل ادائیگیوں اور تجارتی شعبے کو جدید بنانے کیلئے اٹھائے گئے اہم اقدامات کے نتیجے میں مالی سال 2025 میں ٹیکس (بقیہ نمبر 10)

لاہور: سپیکر پنجاب اسمبلی ملک محمد احمد خان ایوان میں نصب کئے گئے جدید ٹیبلٹ کسٹم کا معائنہ کر رہے ہیں

پیپر لیس اسمبلی سے سالانہ کروڑوں روپے کی بچت ممکن ہو گی، سپیکر پنجاب اسمبلی

سپیکر ملک احمد خاں نے اسمبلی ہال کا دورہ کر کے نصب جدید ٹیبلیٹس کا جائزہ لیا، ٹیبلٹس یورپین یونین کے آئی پی 5 پروگرام کے تحت پنجاب اسمبلی کو فراہم کئے گئے

پنجاب اسمبلی آنے والا اجلاس پیپر لیس ماحول میں منعقد ہو گا۔ ارکان اسمبلی کو قانون سازی سے متعلق تمام دستاویزات ڈیجیٹل انداز میں فراہم کی جائیں گی

لاہور (این این آئی) سپیکر پنجاب اسمبلی ملک محمد احمد خاں نے اسمبلی ہال کا دورہ کر کے نصب جدید ٹیبلیٹس کا جائزہ لیا۔ 380 ٹیبلٹس یورپین یونین کے آئی پی 5 پروگرام کے تحت پنجاب اسمبلی کو فراہم کئے گئے۔ سپیکر ملک محمد احمد خان نے کہا کہ پنجاب اسمبلی آنے والا اجلاس پیپر لیس ماحول میں منعقد ہو گا۔ ارکان اسمبلی کو قانون سازی سے متعلق تمام دستاویزات ڈیجیٹل انداز میں فراہم کی جائیں گی، ڈیجیٹلائزیشن سے اسمبلی کارروائی مزید موثر، شفاف اور تیز رفتار ہو گی۔ سپیکر ملک محمد احمد خاں نے کہا کہ پیپر لیس اسمبلی سے سالانہ کروڑوں روپے کی بچت ممکن ہو گی، کاغذ کے (بقیہ نمبر 13)

اسرائیلی حملے میں لبنانی فوج کے بریگیڈیئر جنرل سمیت 10 افراد شہید

بیروت (این این آئی) اسرائیلی حملے میں لبنانی فوج کے بریگیڈیئر جنرل سمیت 10 افراد شہید ہو گئے۔ اسرائیلی فوج (بقیہ نمبر 14)

ایرانی حکومت کا تختہ الٹنے میں ناکامی، موساد سربراہ نے ڈپٹی ڈائریکٹر کو برطرف کر دیا

تل ابیب (این این آئی) ایران میں حکومت کا تختہ الٹنے میں ناکامی پر (بقیہ نمبر 15)

امریکہ میں بھارتی نوجوان کو گولی مار کر قتل کر دیا گیا

نئی دہلی (این این آئی) بھارتی ریاست تلنگانہ سے تعلق رکھنے والے ایک 28 سالہ نوجوان کو امریکہ کے شہر فلاڈیلفیا میں (بقیہ نمبر 19)

جون میں سکھ مذہب کی دو اہم مذہبی تقریبات کے انتظامات مکمل

10 اور 21 جون کو بھارتی سکھ یاتری واہگہ بارڈر کے راستے پاکستان آئینگے

لاہور (این این آئی) متروکہ وقف املاک بورڈ نے سکھ مذہب کی دو اہم مذہبی تقریبات، شہیدی دن گرو ارجن دیو جی (جورمیلہ) اور مہاراجہ رنجیت سنگھ کی برسی کے سلسلے (بقیہ نمبر 20)

اقوام متحدہ نے کشمیر اور فلسطین کو حل طلب تنازعات قرار دے دیا

اقوام متحدہ (این این آئی) اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل کی سالانہ رپورٹ برائے 2025 جمعہ کو جنرل اسمبلی میں پیش کی گئی جس میں تنازعہ جموں و کشمیر اور مسئلہ فلسطین کی اہمیت کو اجاگر کرتے ہوئے انہیں اقوام متحدہ (بقیہ نمبر 17)

فلیٹ مالکان کیلئے حکومت کا بڑی سولر سکیم لانے کا فیصلہ

شہری آبائی گاں، دستیاب زمین پر سولر سسٹم نصب، کریڈٹ شہر میں موجود گھریا فلیٹ کے بجلی بل میں منتقل کروا سکیں گے

لاہور (این این آئی) حکومت نے شہریوں کو سستی بجلی فراہم کرنے کیلئے ایک منفرد اور انقلابی سولر منصوبے پر کام شروع کر دیا، سکیم کے تحت فلیٹوں میں رہنے والے افراد بھی (بقیہ نمبر 16)

بجٹ، قانون سازی اور آئینی ترامیم میں اتحادی جماعتوں کو ساتھ لے کر چلیں گے، طلال چوہدری

حکومت اور اس کے اتحادی مکمل طور پر متحد ہیں اور آئندہ بجٹ بھرپور انداز میں منظور کیا جائے گا، میڈیا سے گفتگو

جڑانوالہ کی مزید ترقی اور انتظامی ضروریات سے متعلق وعدے بھی پورے کیے جائیں گے

مکو آنہ (این این آئی) وزیر مملکت برائے داخلہ سینیٹر طلال چوہدری نے کہا ہے کہ آئندہ وفاقی بجٹ تمام اتحادی جماعتوں (بقیہ نمبر 18)

اسلام آباد، وزیر مملکت برائے خزانہ بلال اظہر کیانی اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

پنجاب اسمبلی کا 42 واں اجلاس آج، 10 آڈیٹر جنرل مسودہ قوانین پیش ہونگے

اجلاس میں ریونیو، کالونیز اینڈ ڈیزاسٹر مینجمنٹ سے متعلق سوالات کے جوابات دیئے جائیں گے۔ توجہ دلاؤ نوٹسز اور تحاریک التوائے کار بھی ایجنڈے کا حصہ ہیں

پنجاب عادی مجرموں اور سماج دشمن رویوں کے کنٹرول اور قائد اعظم انسٹی ٹیوٹ آف مینجمنٹ سائنسز، سرگودھا بل ایوان میں پیش کئے جائیں گے

لاہور (این این آئی) پنجاب اسمبلی کا 42 واں اجلاس آج (پیر) دوپہر 2 بجے شروع ہوگا، رواں سیشن میں ہی پنجاب کا آئندہ مالی سال کا بجٹ پیش کیا جائے گا۔ اسمبلی سیکرٹریٹ کی جانب سے اجلاس کا ایجنڈا جاری کر دیا گیا ہے جس کے مطابق اجلاس میں ریونیو، کالونیز اینڈ ڈیزاسٹر مینجمنٹ سے متعلق سوالات کے جوابات دیئے جائیں گے۔ توجہ دلاؤ نوٹسز او (بقیہ نمبر 21)

پنجاب حکومت کا فیملی پلاننگ پروگرام کو مزید مؤثر بنانے کے لیے اہم فیصلوں کی منظوری

صوبہ بھر میں فیملی ویلفیئر مراکز کی توسیع، کمیونٹی ورکرز کی مدت ملازمت میں توسیع کا بھی فیصلہ کر لیا گیا ہے

خاندانی بہبود خدمات کو بلا تعطل جاری رکھنے اور تولیدی صحت سہولیات بہتر بنانے کے لیے اقدامات جاری

لاہور (زیڈ این این) پنجاب حکومت نے دیہی اور شہری علاقوں میں فیملی پلاننگ پروگرامز کو مزید مؤثر اور فعال بنانے کے لیے اہم اقدامات کی منظوری دے دی ہے، جس کا مقصد عوام کو خاندانی بہبود اور تولیدی صحت کی بہتر سہولیات فراہم کرنا ہے۔ حکومتی فیصلے کے تحت صو (بقیہ نمبر 31)

بھارت کی پنجاب پالیسیوں نے خالصتان کے مسئلے کو ایک عالمی تحریک میں تبدیل کر دیا

کینیڈا، امریکہ، برطانیہ اور آسٹریلیا میں سکھ کمیونٹی پنجاب، انسانی حقوق اور سکھوں کی سیاسی امنگوں سے متعلق مسائل پر موثر آواز بن کر ابھری

امرتسر (این این آئی) سکھ رہنماؤں، کارکنوں اور سیاسی تجزیہ کاروں کا کہنا ہے کہ بھارت کی جانب سے پنجاب کے بحران سے نمٹنے کے طریقہ کار نے جو ابتدائی طور پر (بقیہ نمبر 22)

اوپر، جنوبی لبنان کے ساحلی شہر طائر میں گزشتہ روز ہونے والے اسرائیلی حملے کے بعد کا منظر

چینی جہازوں کا سمندری پانیوں میں آپریشن، تائیوان نے بھی اپنے جہاز بھیج دیئے

بیجنگ / تائی پے (این این آئی) تائیوان کے ساحلی کوسٹ گارڈ نے کہا ہے کہ تائیوان کے مشرقی سمندری حصے میں پانیوں (بقیہ نمبر 23)

بھارتی مظالم سے آزادی کے لئے کشمیریوں کے عزم کو توڑا نہیں جا سکتا، حریت رہنماء

سرینگر (این این ائی) غیر قانونی طور پر بھارت کے زیر قبضہ جمو (بقیہ نمبر 24)

سکھوں کی شناخت کو عالمی سطح پر نشانہ بنایا جا رہا ہے، جتھیدار گیانی کلدیپ سنگھ گرنج

امرتسر (این این آئی) گولڈن ٹیمپل میں آپریشن بلو اسٹار کی 42 ویں (بقیہ نمبر 25)

پاکستان کے گلگت بلتستان کے علاقے خپلو میں پولنگ شروع ہونے سے پہلے پولنگ ایجنٹ پولنگ اسٹیشن کے باہر ووٹروں کی گنتی کر رہے ہیں

محسن نقوی کی عباس عراقچی سے ملاقات، امریکا ایران مذاکراتی عمل پر تبادلہ خیال

حالیہ صورتحال پر آیت اللہ مجتبیٰ علی خامنہ ای کیلئے فیلڈ مارشل کا خصوصی خط لے کر آیا ہوں

وزیر اعظم شہباز شریف اور فیلڈ مارشل عاصم منیر کی کوششوں سے بحران جلد ختم ہو جائے گا، وفاقی وزیر داخلہ

تہران (نیٹ نیوز) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے ایرانی وزیر خارجہ عباس عراقچی سے ملاقات کی ہے۔ ایرانی میڈیا کے مطابق ملاقات میں دونوں رہنماؤں کی امریکا ایران مذاکراتی عمل پر گفتگو ہوئی، ثالثی کی کوششوں اور خطے کی موجودہ صورتحال پر بھی تبادلہ خیال کیا گیا۔ قبل ازیں وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے ایرانی ہم منصب سکندر مومنی سے بھی ملاقات کی جس میں جنگ بندی اور مذاکرات سے متعلق گفتگو ہوئی۔ میڈیا سے گفتگو میں وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی کا کہنا تھا کہ حالیہ صورتحال پر آیت اللہ مجتبیٰ علی خامنہ ای کیلئے فیلڈ مارشل کا خصوصی خط لے کر آیا ہوں، سپریم لیڈر کیلئے وزیر اعظم شہباز شریف کا پیغام بھی لایا ہوں۔ انہوں نے کہا کہ امید ہے وزیر اعظم شہباز شریف اور فیلڈ مارشل عاصم (بقیہ نمبر 30)

ایران نے آبنائے ہرمز سے امریکی مال بردار جہاز قبضے میں لے لیا

ایرانی میڈیا نے واقعے کی مبینہ ویڈیو اور تصاویر بھی جاری کی ہیں

امریکی فوج کے حصار میں آنے والے 4 کارگو جہازوں میں سے ایک کو تحویل میں لے لیا جبکہ 3 واپس پلٹ گئے، پاسداران انقلاب

تہران (این این آئی) پاسداران انقلاب نے آبنائے ہرمز میں ایک امریکی کمپنی سے منسلک کارگو جہاز کو تحویل میں لے لیا ہے۔ فارس نیوز ایجنسی کی رپورٹ کے مطابق جہاز کو سمندری ٹرانزٹ قوانین اور ضوابط کی مبینہ خلاف ورزی کے الزام میں روکا گیا۔ پاسداران انقلاب کا کہنا ہے کہ امریکی فوج کی سرپرستی یا نگرانی میں 4 تجارتی آئل ٹینکرز آبنائے ہرمز سے گزرنے کی کوشش کر رہے تھے۔ ایرانی حکام کے مطابق ان میں سے ایک جہاز کو روک لیا گیا، (بقیہ نمبر 27)

راجوری میں فوجی آپریشن 16 ویں روز بھی جاری، بھارتی فوج کا افسر ہلاک

جموں (این این آئی) غیر قانونی طور پر بھارت کے زیر قبضہ جموں و کشمیر کے ضلع راجوری میں فوجی آپریشن مسلسل 16 ویں روز بھی جاری رہا جہاں بھارتی فوج کا ایک (بقیہ نمبر 28)

امریکا کا تہران کے فنڈز سے خلیج میں ہونیوالے نقصان کے ازالے کا فیصلہ

امریکا اور ایران کے درمیان جاری امن مذاکرات بظاہر تعطل کا شکار ہیں، ماہرین

ایرانی اثاثوں کا خلیجی ممالک کی تعمیر نو کے لیے استعمال امریکا اور ایران کے درمیان ایک نیا تنازع کھڑا کر سکتا ہے، ماہرین

واشنگٹن (این این آئی) امریکی حکومت نے ایران کے اثاثوں کو خلیجی ممالک کی تعمیر نو اور ایرانی حملوں سے ہونے والے نقصانات کے ازالے کے لیے استعمال کرنے کا فیصلہ کر لیا ہے۔ برطانوی خبر رساں ادارے رائٹرز کے مطابق یہ پیش رفت ایسے وقت میں سامنے آئی ہے (بقیہ نمبر 29)

امریکا میں فیسٹیول کے دوران فائرنگ، کم از کم 12 افراد زخمی

زخمیوں کی عمریں 14 سے 61 سال کے درمیان ہیں، دو کی حالت تشویشناک ہے، پولیس

پولیس کا کہنا ہے کہ اس واقعے میں دو افراد نے ایک دوسرے پر فائرنگ کی

اوہائیو (این این آئی) امریکی ریاست اوہائیو کے شہر ٹولیڈو میں دو حملہ آوروں کے درمیان فائرنگ کے تبادلے کے نتیجے میں کم از کم ایک درجن افراد زخمی ہو گئے۔ خبر رساں ادارے رائٹرز کے مطابق ایک پریس کانفرنس میں پولیس نے بتایا ہے کہ زخمیوں میں سے دو کی حالت تشویشناک ہے۔ پولیس کے مطابق متاثرین کی عمریں 14 سے 61 سال کے درمیان ہیں۔ پولیس کا کہنا ہے کہ اس واقعے میں دو افراد نے ایک دوسرے پر فائرنگ کی۔ پولیس لیفٹیننٹ (بقیہ نمبر 26)

لاہور: پاکستان اکنامک موومنٹ فتح پلر کا وفد سابق سیکرٹری خارجہ شمشاد احمد خان سے ملاقات کر رہا ہے

جون میں 12 شہروں میں ہیٹ ویو کا الرٹ جاری، خدشہ

سندھ اور بلوچستان کے چند اضلاع میں درجہ حرارت اڑتالیس سے اکاون ڈگری سینٹی گریڈ تک پہنچ سکتا ہے

پنجاب کے کئی اضلاع میں بھی درجہ حرارت چوالیس سے اڑتالیس ڈگری سینٹی گریڈ تک جانے کا امکان ہے، محکمہ موسمیات

اسلام آباد (این این آئی) ملک کے مختلف شہروں میں 12 جون تک ہیٹ ویو کا خدشہ ہے جس کا الرٹ جاری کر دیا گیا ہے۔ محکمہ موسمیات کے مطابق کراچی میں درجہ حرارت چالیس سے تینتالیس ڈگری سینٹی گریڈ کے درمیان رہنے کا خدشہ ہے۔ حکام کے مطابق سندھ اور بلوچستان کے چند اضلاع میں درجہ حرارت اڑتالیس سے اکاون ڈگری سینٹی گریڈ تک پہنچ سکتا ہے۔ پنجاب کے کئی اضلاع میں بھی درجہ حرارت چوالیس سے اڑتالیس ڈگری سینٹی گریڈ تک جانے کا امکان ہے۔ خیبر پختونخوا کے میدانی علاقوں میں درجہ حرارت اکتالیس سے چھیالیس ڈگری سینٹی گریڈ تک جا سکتا ہے۔ محکمہ موسمیات کے مطابق شہری صبح دس سے شام چار بجے تک غیر ضروری طور پر دھوپ میں نکلنے سے گریز کریں۔

روزنامہ قوت لاہور

سٹی نیوز



چین میں قومی تزویراتی ضروریات پوری کرنے کے لئے جامعات کے نئے تعلیمی پروگرام متعارف

بیجنگ (شہوا) چین میں کالجوں میں داخلے کے قومی امتحان، جسے گاؤ کاؤ بھی کہا جاتا ہے، اس ہفتے کے آخر میں شروع ہو رہا ہے۔ نئے تعلیمی پروگراموں کے اجرا کے بعد تقریباً ایک کروڑ 29 لاکھ امیدواروں کو اعلیٰ تعلیم کے مزید مواقع میسر آئیں گے۔ چین کی وزارت تعلیم کی جانب سے حال ہی میں جاری کردہ تازہ ترین تعلیمی پروگراموں کی فہرست کے مطابق متعدد چینی جامعات نے جسم ذہانت، کم بلندی کی معیشت و انتظام اور بحری ذہانت وغیرہ پائلٹ ٹیکنالوجز جیسے نئے انڈر گریجویٹ پروگرام متعارف کرائے ہیں تاکہ ملک کی ابھرتی ہوئی تزویراتی اور صنعتی ضروریات پوری کی جا سکیں۔ چائنیز اکیڈمی آف انجینئرنگ سائنسز کے اُنسی ٹیوٹ آف بائر ایجنگیشن کے ڈائریکٹر ڈانگ فان شنگ نے کہا کہ ان نئے پروگراموں کا اضافہ تعلیمی شعبوں کے ڈھانچے میں مسلسل بہتری کی عکاسی کرتا ہے۔ چین کے 15 ویں پانچ سالہ منصوبے (2026-2030) کے تحت سائنس، انجینئرنگ، زراعت اور طب سے متعلق پروگراموں پر خصوصی توجہ دیتے ہوئے اعلیٰ معیاری انڈر گریجویٹ اور گریجویٹ تعلیم میں داخلوں کو منظم انداز میں بڑھانے پر زور دیا گیا ہے۔

چینی طبی ٹیم کی کیمرون کے دیہی علاقوں میں مفت طبی خدمات

یاؤنڈے (شہوا) کیمرون میں چینی طبی ٹیم کے 25 ویں گروپ نے دارالحکومت یاؤنڈے کے گاؤں ٹاگ بانے کے رہائشیوں کو صحت طبی خدمات فراہم کیں۔ آخر مختلف شعبوں میں 230 سے زائد کیسوں کی مفت تشخیص اور علاج کیا گیا جن میں اندرونی طب، سرجری، ہڈیوں کے امراض، امراض نسواں، دندانی، آنکھوں کے امراض، ناک کان گلا، الٹرا ساؤنڈ اور عمومی صحت شامل ہیں۔ اطمینانِ کے میز ڈیوڈون زاٹک اسماعیل یاؤنڈے چینی طبی ٹیم کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ صحت کی سہولیات کی فراہمی نے کیمرون اور چین کے درمیان دوستانہ تعلقات کو مزید مضبوط کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ مجھے یقین ہے کہ چین اور کیمرون کے دوستانہ تعلقات کے دوسرے ہم سال یہ پروگرام غریب اور محروم لوگوں کے لئے منفعت بخش ثابت ہوگا۔

مشرق وسطیٰ میں کشیدگی ابھرتی ہوئی معیشتوں میں مہنگائی کا سبب رہی ہے، ترک تجزیہ کار کا انتباہ

استنبول (شہوا) استنبول میں مقیم تجزیہ کار مورت طوقان نے کہا ہے کہ مشرق وسطیٰ میں جاری جغرافیائی سیاسی کشیدگی کے باعث عالمی تیل سپلائی میں رکاوٹوں کا سبب بن رہی ہے اور توانائی کی بڑھتی ہوئی قیمتیں ابھرتی ہوئی معیشتوں میں مسلسل مہنگائی کو بڑھا رہی ہیں۔ انہوں نے شہوا کو انقرہ میں بتایا کہ ایران اور امریکہ کے درمیان تنازع کو اتوار کے روز 100 دن پورے ہو گئے۔ اس تنازع کے اثرات صرف توانائی کے شعبے تک محدود نہیں بلکہ اشیائے خوردونوش کی قیمتوں میں بھی تیزی سے اضافہ کا باعث بن رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ عالمی تجارت کے لئے ایک اہم راستہ آبنائے ہرمز میں جہازوں کی تاخیر کے باعث کھاد اور شپنگ کے اخراجات بڑھ رہے ہیں جس کے نتیجے میں روزمرہ استعمال کی اشیاء کی مجموعی قیمت میں اضافہ ہو رہا ہے۔ طوقان نے کہا کہ صورتحال مزید خراب ہو سکتی ہے اگر تنازع کو جلد حل نہ کیا گیا جس میں خلیج فارس کے ممالک کے علاوہ دیگر ممالک بھی شامل ہیں۔ طوقان نے کہا کہ صورتحال مہنگائی کی شرح کو بڑھا رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہم توانائی کی قیمتوں میں

ABC CERTIFIED
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت
چیف ایڈیٹر
میاں محمد فیاض
روزنامہ قوت لاہور
"روزنامہ قوت لاہور" (3)8 جون 2026ء

ڈپٹی کمشنر گوجرانوالہ نوید احمد کا نوشہرہ ورکاں اور شلے عالی کا دورہ

ڈپٹی کمشنر نے اسسٹنٹ کمشنر نوشہرہ ورکاں سعدیہ جمال کے ہمراہ تحصیل ہیڈ کوارٹر اسپتال ۔ زیر تعمیر ماڈل بازار ۔ صفائی ستھرائی کا جائزہ لیا

نوشہرہ ورکاں (سپیشل رپورٹر) بزرگ پارلیمنٹیرین پنجاب کے ہمشیرہ ریفارمر بزرگ کے حلقہ ڈپٹی کمشنر گوجرانوالہ نوید احمد کا نوشہرہ ورکاں اور شلے عالی کا دورہ کیا۔ ڈپٹی کمشنر نے اسسٹنٹ کمشنر نوشہرہ ورکاں سعدیہ جمال کے ہمراہ تحصیل ہیڈ کوارٹر اسپتال کا دورہ کیا۔ ڈپٹی کمشنر نوشہرہ ورکاں نے اسپتال کے وارڈز، ایمرجنسی اور دیگر شعبہ جات کا معائنہ کیا اور مریض اور ڈاکٹرز کے مطابق زیر تعمیر ماڈل بازار، صفائی ستھرائی کا جائزہ لیا اور پنجاب کے سینئر ریفارمر بزرگ کے حلقہ ڈپٹی کمشنر گوجرانوالہ نوید احمد نے اسسٹنٹ کمشنر نوشہرہ ورکاں سعدیہ جمال کے ہمراہ تحصیل ہیڈ کوارٹر اسپتال کا دورہ کیا۔ دوران دورہ اسپتال کے وارڈز، ایمرجنسی اور دیگر شعبہ جات کا معائنہ کیا اور مریض اور ڈاکٹرز کے مطابق زیر تعمیر ماڈل بازار، صفائی ستھرائی کا جائزہ لیا اور پنجاب کے سینئر ریفارمر بزرگ کے حلقہ ڈپٹی کمشنر گوجرانوالہ نوید احمد نے اسسٹنٹ کمشنر نوشہرہ ورکاں سعدیہ جمال کے ہمراہ تحصیل ہیڈ کوارٹر اسپتال کا دورہ کیا۔ دوران دورہ اسپتال کے وارڈز، ایمرجنسی اور دیگر شعبہ جات کا معائنہ کیا اور مریض اور ڈاکٹرز کے مطابق زیر تعمیر ماڈل بازار، صفائی ستھرائی کا جائزہ لیا۔ ڈپٹی کمشنر

ادارتی صفحہ
EDITORIAL

تجارتی خسارہ اور معاشی بحران

پاکستان کی معیشت اس وقت ایسے سنگین بحران کی زد میں ہے جہاں بیرونی ادائیگیوں کا بڑھتا عدم توازن معاشی استحکام کیلئے ایک بڑا خطرہ بن کر ابھرا ہے۔ تجارتی خسارے میں 17 فیصد اضافہ ناقص معاشی پالیسیوں' پیداواری صلاحیت میں کمی اور ڈھانچہ جاتی اصلاحات سے چشم پوشی کا منطقی نتیجہ ہے۔ رواں مالی سال کے 11 ماہ کے دوران مجموعی تجارتی خسارہ 34 ارب 75 کروڑ ڈالر کی سطح پر پہنچ چکا ہے' جو یہ ظاہر کرتا ہے کہ ڈالر کی آمد اور اخراج کے مابین فرق اب ایک گہری خلیج کی شکل اختیار کر چکا ہے' جس کو موجودہ وسائل کے ساتھ پُر کرنا ممکن نظر نہیں آتا۔ بے قابو تجارتی خسارے کے بنیادی محرکات کو سمجھنے کیلئے برآمدات اور درآمدات کے تقابلی جائزے کی ضرورت ہے۔ رواں مالی سال کے ابتدائی 11 ماہ میں ملکی برآمدات 27 ارب 90 کروڑ ڈالر جبکہ درآمدات کا حجم 62 ارب 66 کروڑ ڈالر پر پہنچ گیا۔ یہ اعداد و شمار ظاہر کرتے ہیں کہ ہم جتنا کما رہے ہیں' اس سے دوگنا سے بھی زیادہ بیرونی ممالک کو ادا کر رہے ہیں۔ تشویش کی بات یہ ہے کہ گزشتہ سال کے مقابلے میں معاشی کارکردگی میں گراوٹ آئی ہے۔ گزشتہ سال کی اسی مدت میں برآمدات 29 ارب 56 کروڑ ڈالر جبکہ درآمدات 53 ارب 55 کروڑ ڈالر تھیں۔ یعنی ایک جانب برآمدات میں 61.5 فیصد کمی آئی تو دوسری جانب درآمدات میں تقریباً چھ فیصد اضافہ ہوا۔ یہ صورتحال ملکی وژن 2035ء کے بھی برعکس ہے' جس کے تحت برآمدات میں سالانہ پانچ ارب ڈالر اضافہ کرنا ہے۔ تجارتی توازن کا یہ بگاڑ معیشت کے رگ و پے میں سرایت کر جانے والے اس بگاڑ کا ثبوت ہے جس میں پیداواری معیشت کے بجائے صارفیت کو فروغ مل رہا۔ اگرچہ اس وقت بیرونِ ملک مقیم پاکستانیوں کی طرف سے بھیجی جانے والی ترسیلاتِ زر نے معیشت کو عارضی سہارا فراہم کر رکھا ہے اور سالانہ تیس ارب ڈالر کے لگ بھگ ترسیلات معیشت کو عارضی استحکام فراہم کیے ہوئے ہیں لیکن اس غیر پیداواری سہارے پر طویل مدت تک تکیہ کرنا خطرناک ثابت ہوسکتا ہے۔ موجودہ عالمی منظرنامہ بالخصوص خلیج کی صورتحال ترسیلاتِ زر کیلئے پہلے ہی ایک بڑا خطرہ بن چکی ہے۔ اگر خلیج میں بحران سنگین ہوتا ہے تو لامحالہ اس سے وہاں مقیم لاکھوں پاکستانیوں کا روزگار بھی متاثر ہونے کا خدشہ ہے' نتیجتاً ترسیلاتِ زر میں بڑی کمی آسکتی ہے۔ اس معاشی المیے کا ایک دردناک پہلو یہ ہے کہ پاکستان جسے قدرت نے زرخیز زمینوں سے نواز رکھا ہے' اپنی غذائی ضروریات پوری کرنے کیلئے اربوں ڈالر کی زرعی اجناس درآمد کرنے پر مجبور ہے۔ حالیہ درآمدات میں تیل و گیس کے بعد دوسرا بڑا حصہ غذائی اجناس پر مشتمل ہے' جو ہماری زرعی پالیسی پر بڑا سوالیہ نشان ہے۔ حکومتی اعداد و شمار کے مطابق گزشتہ 25 برسوں کے دوران ملکی جی ڈی پی میں زراعت کا حصہ 31 فیصد سے کم ہو کر 23 فیصد رہ گیا ہے۔ یہ تنزلی اس بات کا ثبوت ہے کہ ہم اپنے سب سے اہم شعبے کو کس طرح نظرانداز کر رہے ہیں۔ زراعت کی طرح صنعتی اور پیداواری شعبہ بھی بدترین بحران سے گزر رہا ہے۔ اس معاشی دلدل سے نکلنے اور تجارتی خسارے پر قابو پانے کیلئے اب روایتی اقدامات یا وقتی قرضوں سے کام نہیں چلے گا۔ اب وقت آ گیا ہے کہ صنعتی اور زرعی شعبوں کو اپنے پاؤں پر کھڑا کرنے کیلئے ایک جامع' پائیدار اور طویل مدتی قومی حکمت عملی وضع کی جائے۔ زراعت کے شعبے میں انقلابی اصلاحات لانا ہوں گی' کسانوں کو سستی بجلی' کھاد اور جدید بیجوں کی فراہمی یقینی بنانا ہوگی۔ صنعتوں کیلئے توانائی کے نرخوں اور ٹیکس ریٹ کو علاقائی ممالک کی سطح پر لانا ہوگا اور پالیسیوں میں تسلسل پیدا کرنا ہوگا۔ اگر اب بھی اپنی پیداواری صلاحیت اور برآمدات کو نہ بڑھایا گیا۔

مستقبل برائے فروخت، تعلیم کو کاروبار بنانے کی قومی سزا

ہم ایک ایسے ملک میں رہتے ہیں جہاں تعلیم، جو کسی بھی قوم کی فکری اور تہذیبی بنیاد ہوتی ہے، برسوں سے کاروباری فیصلوں کی محتاج ہے۔ یہ ایک ایسا سلسلہ ہے جو دکھائی کم دیتا ہے مگر برباد زیادہ کرتا ہے۔

ہمارے معاشرے میں علم اور قابلیت کی قدر اس وقت تک نہیں ہوتی جب تک اس کے ساتھ سرمایہ، اختیار اور اثر و رسوخ جڑا ہوا نہ ہو۔ ایک شخص کی فکری گہرائی یا پیشہ ورانہ مہارت کی اہمیت، سرمایہ رکھنے والے کے مقابلے میں ثانوی حیثیت اختیار کر چکی ہے۔ اس سوچ نے تعلیمی نظام کو شدید نقصان پہنچایا ہے۔ اصولوں کے بجائے مفادات کی حکمرانی اور معیار کے بجائے منافع کی ترجیح نے تعلیم کے اصل مقصد کو دھندلا دیا ہے۔ کسی بھی معاشرے کے زوال کی پہلی علامت یہی ہوتی ہے کہ وہاں علم کی حرمت کم اور دولت کی اہمیت زیادہ ہو جائے۔

تعلیم کے نظام میں سب سے بڑا نقصان اس قوم کے بچوں نے اٹھایا ہے۔ ہمارے ہاں نصاب سازی کا عمل نہ بچوں کی عمر کے تقاضوں کو دیکھ کر ہوتا ہے، نہ تدریسی اصولوں کے مطابق، نہ تحقیق کی بنیاد پر۔ اسے ایک منافع بخش انڈسٹری کی طرح چلایا جا رہا ہے۔ نصاب، کتابیں، اور ٹائٹل ایسے بانٹے جاتے ہیں جیسے کسی کاروباری شراکت داری میں حصے تقسیم کیے جا رہے ہوں۔ اس سارے عمل میں کہیں بھی اس بات پر غور نہیں ہوتا کہ یہ نصاب بچوں میں سوال کرنے، سوچنے اور سمجھنے کی کتنی صلاحیت پیدا کرے گا۔ یوں پوری ایک نسل معلومات تو یاد کر لیتی ہے مگر علم نہیں پاتی۔

قلم کی طاقت
محمد رفیق چودھری

نصاب کے فیصلوں پر وہ لوگ اثر انداز ہیں جن کا پیشہ تعلیم نہیں، بلکہ کاروبار ہے۔ ان کے لیے نصاب ایک پروڈکٹ، بچے ایک مارکیٹ، اور نتائج ایک سرمایہ کاری ہیں۔ جب نصاب کا تعین محققین، اساتذہ اور ماہرینِ تعلیم کے بجائے سرمایہ داروں کے ہاتھ میں ہو تو پھر نتائج وہی ہوتے ہیں جو ہم برسوں سے بھگت رہے ہیں۔ ہمارے بچے رٹا تو لگا لیتے ہیں مگر سوچنے کی آزادی نہیں پاتے۔ وہ امتحانات پاس کر لیتے ہیں مگر ذہنی پختگی سے محروم رہتے ہیں۔ ان کے پاس ڈگریاں ہوتی ہیں مگر سوچنے کا زاویہ نہیں۔ اس پورے منظرنامے کا ایک اور پہلو بھی بہت اہم ہے جس پر عموماً بات نہیں کی جاتی۔ دنیا بھر میں نصاب سازی ایک سائنسی عمل ہے۔ اس میں تحقیق، پائلٹ اسٹڈیز، تدریسی ماڈلز، بچوں کی نفسیاتی ضروریات، قومی ترجیحات اور عالمی رجحانات سب شامل ہوتے ہیں۔ مگر ہمارے یہاں نصاب کو نہ سائنسی بنیادوں پر پرکھا جاتا ہے، نہ اس کے اثرات جانچنے کے لیے کوئی جامع تحقیق کی جاتی ہے۔ نتیجہ یہ کہ نصاب بار بار تبدیل ہوتا ہے مگر معیار وہیں کا وہیں رہتا ہے۔ نصاب کا بار بار بدلنا اصل مسئلہ نہیں۔ اصل مسئلہ وہ ذہنیت ہے جو نصاب کو علم کی خدمت نہیں بلکہ کاروباری ضرورت سمجھتی ہے۔

اسی کے ساتھ یہ بھی سچ ہے کہ ہمارے ہاں استاد، جو کسی بھی نصاب کی کامیابی کا بنیادی ستون ہوتا ہے، اس پورے ڈھانچے میں سب سے کمزور مقام پر کھڑا ہے۔ نہ اسے تربیت دی جاتی ہے، نہ اسے فیصلوں میں شامل کیا جاتا ہے۔ استاد کو مواد دیا جاتا ہے اور توقع کی جاتی ہے کہ وہ اسے کسی فیکٹری کی طرح "ڈیلیور" کر دے گا۔ جب استاد کو نصاب کے پیچھے موجود منطق تک رسائی نہ ہو، جب وہ خود اس مواد پر اعتماد نہ رکھتا ہو، تو پھر بچے اس سے کیا حاصل کر سکیں گے؟ نصاب کی بندر بانٹ سے زیادہ خطرناک چیز استاد کا بے اختیار رہ جانا ہے۔ ان سب خرابیوں کا نتیجہ ایک ایسی نسل ہے جو تعلیم یافتہ تو ہے مگر باخبر نہیں، ڈگری یافتہ تو ہے مگر باشعور نہیں، الفاظ جانتی ہے مگر مفہوم سے نابلد ہے۔ یہ وہ نسل ہے جس کے ہاتھ میں ملک کا مستقبل ہوگا، مگر اس کی ذہنی تیاری منافع کے اصولوں کے مطابق ہوئی ہے، علمی اصولوں کے مطابق نہیں۔ یہ مسئلہ آج کا نہیں، آنے والی کئی دہائیوں کا ہے۔ اگر ہم اس کا نوٹس آج نہیں لیں گے تو کل بہت دیر ہو جائے گی۔

یہ سوال ہمیں خود سے پوچھنا ہے کہ کیا ہم اپنی آنے والی نسلوں کو اسی طرح کی بندر بانٹ، اسی طرح کے کمزور نصاب، اور اسی طرح کی غیر سائنسی سمت کے حوالے کرتے رہیں گے؟ کیا علم کو تجارت بنانے والوں کے ہاتھ میں ہم اپنی قوم کے فکری مستقبل کا اختیار دیتے رہیں گے؟ قومیں اس وقت کمزور نہیں ہوتیں جب ان کے پاس وسائل کم ہوں، بلکہ اس وقت کمزور ہوتی ہیں جب ان کے پاس علم کمزور ہو، سوچ محدود ہو، اور نصاب سطحی ہو۔ اور ہم اسی راستے پر چل رہے ہیں۔ اگر ہم نے ابھی آواز نہ اٹھائی تو ہماری آئندہ نسلیں یہی سوال کریں گی: ہم نے ان کے ذہنوں کا سودا

کیا موسمیاتی تبدیلی خواتین کے لیے صحت کا نیا بحران بن چکی ہے؟

تحریر: حنا غزل

موسمیاتی تبدیلی کلائمیٹ چینج آج دنیا کے سنگین ترین مسائل میں شمار ہوتی ہے۔ زمین کے درجہ حرارت میں مسلسل اضافہ، شدید گرمی کی لہریں، سیلاب، خشک سالی، فضائی آلودگی اور دیگر ماحولیاتی تبدیلیاں انسانی صحت پر گہرے اثرات مرتب کر رہی ہیں۔ اگرچہ موسمیاتی تبدیلی تمام انسانوں کو متاثر کرتی ہے، لیکن خواتین اس کے اثرات کا زیادہ شکار ہوتی ہیں۔ اس کی وجہ صرف حیاتیاتی عوامل نہیں بلکہ سماجی، معاشی اور ثقافتی حالات بھی ہیں جو خواتین کو ماحولیاتی خطرات کے مقابلے میں زیادہ کمزور بنا دیتے ہیں۔ موسمیاتی تبدیلی کے باعث بڑھتی ہوئی گرمی خواتین کی جسمانی صحت پر براہِ راست اثر ڈالتی ہے۔ شدید گرمی کی لہریں پانی کی کمی، تھکن، ہیٹ اسٹروک اور دل کی بیماریوں کے خطرات میں اضافہ کرتی ہیں۔ حاملہ خواتین کے لیے یہ صورتحال مزید خطرناک ہو سکتی ہے کیونکہ زیادہ درجہ حرارت قبل از وقت زیادہ وقت گزارتے ہیں۔ آلودہ فضا سانس کی بیماریوں، الرجی، جلدی امراض اور دیگر صحت کے مسائل کو جنم دے سکتی ہے، جبکہ حاملہ خواتین اور بزرگ خواتین کے لیے یہ خطرات مزید بڑھ جاتے ہیں۔ قدرتی آفات جیسے سیلاب، طوفان اور خشک سالی بھی خواتین کی صحت پر گہرے اثرات مرتب کرتے ہیں۔ سیلاب کے دوران صاف پانی اور مناسب صفائی کی سہولیات کی کمی خواتین کو مختلف بیماریوں کے خطرے سے دوچار کر دیتی ہے۔ اس کے علاوہ خواتین کو ماہواری کے دوران حفظانِ صحت کی ضروریات پوری کرنے میں مشکلات پیش آ سکتی ہیں، جس سے انفیکشن اور دیگر طبی مسائل پیدا ہو سکتے ہیں۔ قدرتی آفات کے بعد صحت کی سہولیات متاثر ہونے سے حاملہ خواتین اور نومولود بچوں کی دیکھ بھال بھی مشکل ہو جاتی ہے۔ موسمیاتی تبدیلی غذائی قلت کا باعث بھی بنتی ہے، جس کا اثر خواتین پر زیادہ نمایاں ہوتا ہے۔ خشک سالی، زرعی پیداوار میں کمی اور

خزانہ پر کنڈلی مارے ناگ

تحریر: چوہدری قمر اعجاز بھٹہ ایڈووکیٹ

ہر معاشرے اور تہذیب کے افسانوی کرداروں میں ایسے ناگ کا ذکر ملتا ہے جو زمین میں دبے ہیرے جواہرات پر پھن پھیلائے بیٹھا رہتا تھا۔ عموماً سونا، چاندی اور قیمتی پتھروں پر مشتمل یہ خزانہ کسی ڈاکو، راہزن، سودخور ساہوکار یا بدعنوان اہلکار کی ملکیت سمجھا جاتا تھا۔ کچھ لوگ اپنے زیورات اور جمع پونجی بھی چھپن جانے کے خوف سے زمین میں دفن کر دیتے تھے۔ وقت گزرنے کے بعد یہ خزانے کسی خوش نصیب کو حادثاتی طور پر مل جاتے اور یوں دولت دوبارہ اسی معاشرے میں واپس آ جاتی۔ لوٹ مار اور چھینا جھپٹی سے جمع کی گئی دولت ایسی جگہ چھپائی جاتی جہاں مالک کے سوا کسی اور کی رسائی نہ ہوتی۔ یہ لٹیرے اسی معاشرے کا حصہ ہوتے تھے، اس لئے لوٹی گئی دولت کا بڑا حصہ بھی اسی آبادی میں خرچ یا تقسیم ہو جاتا۔ کچھ عیاشی میں اڑایا جاتا، کچھ غریبوں میں بانٹ دیا جاتا اور باقی زمین میں دفن کر دیا جاتا۔ اگر حکمران طبقے کی دولت بیرونی حملہ آور 5 وں سے بچ جاتی تو آخر کار وہ بھی اسی معاشرے میں گردش کرنے لگتی۔ وہ لٹیرے صرف اس شخص کو لوٹتے تھے جس کے پاس اس وقت سامنے دولت موجود ہوتی۔ باقیوں کو اکثر چھوڑ دیتے بلکہ کبھی کبھار ان کی مدد بھی کر جاتے۔ لوٹ مار کے لئے جسمانی مشقت کے علاوہ مزاحمت کا سامنا اور مالِ غنیمت کی محفوظ ترسیل جیسے خطرات بھی رہتے۔ مال مویشی، خوراک اور دیگر سامان کے ساتھ عورتوں، بچوں اور شکست خوردہ مردوں کو غلام بنا کر لے جانا اور بھی محنت چاہتا۔ مگر متاثرہ معاشرے کچھ عرصہ بعد پھر سنبھل جاتے اور زندگی دوبارہ رواں ہو جاتی۔ آج کے معزز راہزنوں کو ماضی کے لٹیروں کے مقابلے میں کہیں بہتر سہولیات حاصل ہیں۔ اب نہ انہیں لٹنے والے کے سامنے آنے کی ضرورت ہے اور نہ ہی جان خطرے میں ڈالنے کی۔ لٹیرا اور لٹنے والا ایک دوسرے سے کوسوں دور ہوتے ہیں۔ آج کا لٹیرا نہ صرف موجود دولت بلکہ غیر مرئی اور فرضی دولت بھی لوٹ لیتا ہے۔ قلم کی تلوار اور دھوکے کی ڈھال سے پل بھر میں لاکھوں کروڑوں لوگوں کو لوٹ لیا جاتا ہے۔ لوٹ کا مال گاڑیوں میں لادنا بھی نہیں پڑتا۔ نہ تو خفیہ غار کی تلاش کرنا پڑتی ہے، نہ ہی چہرہ ڈھانپنے کی ضرورت۔ اگر کوئی لٹنے سے انکار کی جسارت کرے تو سدھائے ہوئے پاگل کتے اس پر بھونکنا اور کاٹنا شروع کر دیتے ہیں۔ اب سونے چاندی کے سکوں کی جگہ کاغذی نوٹ اور برقی ہندسے لے چکے ہیں جن کی اپنی کوئی حقیقی قدر نہیں۔ ان کی محفوظ پناہ گاہیں بڑے بڑے بینک ہیں جو خدمت اور سہولت کے نام پر اضافی معاوضہ وصول کرتے ہیں اور پل بھر میں دنیا کے کسی بھی کونے تک دولت منتقل کر دیتے ہیں۔ جسمانی غلامی سے ذہنی غلامی تک کے سفر میں اس بینکاری نظام کا بہت بڑا کردار ہے۔ اس نے اپنے فریب کو اتنا دلکش بنا دیا ہے کہ لٹنے والا اس سے نفرت کے باوجود اسی کی طرف کھنچا چلا آتا ہے۔ پرانے وقتوں کے ناگ صرف خزانے کے اوپر بیٹھے ہوتے، مگر آج کے ناگ چور بھی ہیں، ڈاکہ بھی ڈالتے ہیں اور خزانے پر بیٹھے صرف پھنکارتے نہیں ڈستے بھی ہیں۔ جسمانی غلامی کے خاتمہ کا اعلان کرنے والوں نے پہلے ذہنی غلامی کا مستقل آہنی شکنجہ تیار کر لیا تھا۔ آئی۔ ایم۔ ایف، ورلڈ بینک اور دیگر عالمی مالیاتی ادارے طاقت کے باوجود، عوام کو جسمانی غلامی میں اس لئے نہیں ڈالتے کہ یہ ان کے لئے ایک مہنگا سودا ہے۔ نام نہاد آزاد لوگ غلامی کی تمام شرائط پر پورا اترنے کے باوجود پیدائش سے لیکر کفن دفن تک کے جملہ اخراجات خود برداشت کرتے ہیں، جبکہ یہ ناگ نما لٹیرے اپنے اپنے حصے کی ہڈی کیلئے لڑتی اس مخلوق کو اپنی تفریح طبع کا سامان ہی گردانتے ہیں۔ آج کے ڈاکو، لٹیرے، حکمران اور سودخور ساہوکار ''لوٹو اور لوٹنے دو'' کی پالیسی پر متحد ہیں۔ اب ڈاکو ساہوکار کو نہیں لوٹتے بلکہ ساہوکار کے ساتھ مل کر پوری بستی کو لوٹتے ہیں۔ عالمی ساہوکار ہر معاشرے کیلئے الگ ڈاکو مقرر کرتے ہیں۔ طے کیا جاتا ہے کہ کس بستی پر کب اور کتنا ڈاکہ ڈالنا ہے۔ ڈاکو پہلے اپنا حصہ وصول کرتے ہیں اور پھر عوام کے گھروں تک اپنے پالتو ناگ پہنچاتے ہیں جو ان کا سامان اٹھا کر ان عالمی ساہوکاروں کے حوالے کرتے ہیں۔ یہ سیدھا ڈاکہ ڈالنے کی زحمت نہیں اٹھاتے بلکہ حفاظت اور ترقی کے نام پر اربوں ڈالر قرض لیتے ہیں۔ جسے آپس میں بانٹ کر اپنی اپنی خفیہ غاروں میں جمع کرا دیتے ہیں۔ اور اپنی لٹیرانہ صلاحیتوں کی داد بھتہ کی صورت وصول کرتے ہیں۔ اور احسان الگ جتاتے ہیں۔ یہ خزانہ لٹیروں کی موت کے بعد بھی اس معاشرے میں واپس نہیں آتا جہاں سے لوٹا گیا تھا۔ انکی نئی نسلیں لٹیرا سرداروں کے دربار تک رسائی کیلئے بولیاں لگاتی ہیں تاکہ لوٹ مار کا ٹھیکہ حاصل کر سکیں۔ ایسے میں کچھ لوگ وقتی فائدوں کی خاطر ان کے ساتھ ہو لیتے ہیں، کچھ یہ کہہ کر لاتعلق ہو جاتے ہیں کہ کسی نہ کسی نے تو انہیں لوٹنا ہی ہے۔ چند باہمت بغاوت بھی کرتے ہیں مگر خود نئے لٹیروں کا روپ دھار لیتے ہیں۔ ہمارے علاقے میں ان دو خوشحال ڈیروں کا اکثر تذکرہ رہتا ہے جہاں ایک ہی رات ڈاکو حملہ آور ہوئے۔ ایک بستی کے لوگ خوف سے دبک گئے، ان کی دولت بھی لٹ گئی اور عزتیں بھی محفوظ نہ رہ سکیں۔ اس بستی سے تعلق اب ذلت کی علامت ہے۔ جبکہ دوسری بستی میں جری لوگوں نے مقابلہ کی ٹھانی، دونوں طرف سے اموات ہوئیں اور ڈاکو بھاگ نکلے۔ دہائیاں گزرنے کے بعد بھی کوئی لٹیرا اس بستی کا رخ نہیں کرتا، اور اس سے نسبت کو آج بھی اعزاز سمجھا جاتا ہے۔

وسائل اور ترقیاتی منصوبہ بندی کا مسئلہ

وفاقی وزیر منصوبہ بندی احسن اقبال نے اگلے روز سالانہ منصوبہ بندی رابطہ کمیٹی (اے پی سی سی) کے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے انکشاف کیا کہ نئے مالی سال میں 4097 ارب روپے کی پراجیکٹ ڈیمانڈ کے مقابلے میں پی ایس ڈی پی کی مد میں 1126 ارب روپے مختص کیے گئے ہیں' اس طرح حکومت کو مالی سال 27-2026ء میں تقریباً 300 ارب روپے کے ترقیاتی منصوبوں کو مو؟ خر کرنا پڑ سکتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ملک کا ترقیاتی بجٹ ضروریات سے کم ہے جس سے منصوبوں کی بروقت تکمیل مشکل ہو گئی ہے اور منصوبہ بندی کے عمل کیلئے ایک سنگین چیلنج ہے۔ ملک کی ترقی عوامی فلاحی منصوبوں میں حکومتی اخراجات پر مدار کرتی ہے لیکن جب ترقی کے منصوبوں کیلئے مطلوبہ رقوم مختص نہ کی جائیں تو اسکے دو طرح سے منفی نتائج سامنے آتے ہیں۔ اوّل یہ کہ عوام ان ترقیاتی منصوبوں کے فوائد سے محروم رہتے اور ان منصوبوں سے ملکی ترقی کے جو امکانات وابستہ ہوتے ہیں وہ عملی صورت اختیار نہیں کر پاتے۔

دوسری جانب اس تاخیر کا سب سے بڑا نقصان یہ ہوتا ہے کہ منصوبوں کی لاگت بڑھتی چلی جاتی ہے اور ہمارے ہاں شاید ہی کوئی ترقیاتی منصوبہ ہو جو اپنی تخمینہ مدت اور معینہ لاگت میں مکمل ہوا ہو۔ ملک بھر میں صوبائی

سفیرِ قلم
محمد الیاس گجر

اور وفاقی انتظامات میں ترقیاتی منصوبوں میں تاخیر کی بے شمار کہانیاں موجود ہیں۔

مثال کے طور پر کراچی کو پانی کی سپلائی کا منصوبہ کے فور' جو 12 سال پہلے 25 ارب روپے میں مکمل ہو جانا تھا مگر مسلسل تاخیر کے شکار اس منصوبے کی لاگت کا تخمینہ اب 200 ارب روپے سے بڑھ چکا ہے اور آنے والے وقت میں یہ لاگت مزید بڑھنا خارج از امکان نہیں کیونکہ افراطِ زر میں اضافے کا سلسلہ تھمتا دکھائی نہیں دے رہا۔ اسی طرح دیگر اہم ترین نوعیت کے منصوبے بھی برسوں بلکہ دہائیوں تاخیر کا شکار ہوتے چلے جاتے ہیں اور ان کی تخمینہ لاگت بڑھتی چلی جاتی ہے۔ اس سلسلے میں تربیلا ڈیم کی توسیع اور پن بجلی کے متعدد منصوبے قابلِ ذکر ہیں جن کی تاخیر سے دہرا نقصان ہوا۔ اس صورتحال میں ضروری ہے کہ اہم ترین نوعیت کے قومی ترقیاتی منصوبوں کیلئے ترجیحی ضابطہ کار بنایا جائے۔ مالیاتی مشکلات اپنی جگہ مگر قومی سطح پر حکمت عملی کے ساتھ کام کیا جائے تو ان مشکلات سے نمٹنا اتنا مشکل نہیں ہوگا۔

ضروری یہ ہے کہ ترقیاتی منصوبوں کیلئے مالی وسائل کی فراہمی ان کی اہمیت اور افادیت کے تناظر میں ہونی چاہیے۔ ہمارے ہاں دیکھا گیا ہے کہ بہت سے انتہائی اہمیت کے منصوبے دہائیوں التوا کا شکار رہتے ہیں اور ان پر کام رک رک کر چلتا ہے جبکہ اسی دوران بعض ایسے منصوبے جن کی افادیت کم ہوتی ہے' انہیں ترجیحات میں سرفہرست رکھا جاتا ہے۔ اس کا نتیجہ یہ ہے کہ قومی وسائل اکثر ایسے منصوبوں کی نذر ہو جاتے ہیں جن کا حقیقی

کتاب، جی بی انتخابات اور اٹلی

تحریر: از محمد مہدی

ناول کے بادشاہ گبریئل گارشیا مارکیز نے کہا تھا کہ اگر کوئی سیاسی نکتہ بیان کرنا چاہتے ہو تو ایک اچھی کتاب لکھو۔ دلاور چودھری کے ستتر کالموں پر مشتمل کتاب ہاتھوں میں ہے اور گارشیا مارکیز کے الفاظ کانوں میں گونج رہے ہیں کہ مارکیز نے ایسی ہی کتاب تحریر کرنے کی بابت اپنا نکتہ نظر بیان کیا تھا۔ دلاور چودھری کی کتاب "خواب لئے پھرتا ہوں" میں ہر اس شخص کا خواب نظر آئیگا جو خواب دیکھنے کی جرات رکھتا ہے اور پھر تعبیر کے حصول کیلئے خواب کا نتیجہ بھی بیان کر دیتا ہے۔ انکی تحریر جب بھی پڑھی یا اب یہ کالموں کا مجموعہ سامنے رکھا تو ہمیشہ انکی شخصیت کو بھی تلاش کرنے کی کوشش کرتا ہوں کیوں کہ مجھے ایسا لگتا ہے کہ سامنے یہ جیتا جاگتا انسان دراصل بولتی لائبریری بن چکا ہے۔ ان کی تحریر ہو یا گفتگو بات کتاب کے حوالے سے شروع ہوتی ہے اور کتاب پر ہی ختم ہوتی ہے۔ "خواب لئے پھرتا ہوں" میں موضوع کوئی بھی ہو مگر اس پر را؟ زنی عامیانہ یا صرف صفحہ پر صفحہ تحریر کرنے کی غرض سے نہیں ہوتی ہے بلکہ پورا مدعا بیان کرنا ان کا خاصا ہے۔ اہل علم میں ایک روی؟ ضرور پنپ جاتا ہے کہ بس" متندہے میرا فرمایا ہوا" مگر چودھری صاحب کی شخصیت کا کمال یہ ہے کہ وہ کسی علمی زعم سے کوسوں دور ہے، آپ جتنا مرضی اختلاف کرے جو چاہے نکتہ نظر پیش کرے ان کے ماتھے پر شکن ابھرنے کا سوال ہی پیدا نہیں ہوتا ہے، آپ کی بات سننے اور اپنا مؤقف بیان کرنے کے لئے و؟ تیار ہوتے ہیں اگر کسی کو آج کے دور کے حالات پر بے لاگ تبصرہ درکار ہے تو پھر "خواب لئے پھرتا ہوں" اس کے لئے لازم ہے جیسے انتخابات جمہوری عمل کیلئے ایک لازمی حصہ شمار ہوتے ہیں اور اس وجہ سے ہی گلگت بلتستان میں انتخابات کا زور و شور سے انعقاد ہو رہا ہے۔ ہمیں یہ تسلیم کرنے میں کوئی عار نہیں ہونا چاہئے کہ مسئلہ کشمیر کی وجہ سے گلگت بلتستان آج بھی اپنے ان آئینی حقوق سے محروم ہیں کہ جو اس کا مکمل طور پر حق ہے۔ نواز شریف نے اکتوبر 2015 میں سرتاج عزیز مرحوم کے ذمہ یہ کام لگایا تھا کہ و؟ گلگت بلتستان کے تمام آئی نی حقوق کو یقینی بنانے کیلئے جامع لائحہ عمل تیار کرے۔ اس ؟می ٹی میں اس وقت کے گلگت بلتستان کے وزیر اعلیٰ حافظ حفیظ الرحمان گلگت بلتستان کی نمائندگی کر رہے تھے اور انہوں نے حق نمائندگی ادا بھی کر دیا تھا۔ حافظ حفیظ الرحمان کی مشاورت سے مارچ 2017 میں اس کمیٹی نے اپنی سفارشات مکمل کر کے 93 صفحات پر مشتمل رپورٹ وزیر اعظم نواز شریف کے سامنے پیش کر دی۔ حافظ حفیظ الرحمان نے سرتاج عزیز؟ می ٹی رپورٹ میں یہ سفارش شامل کرا دی تھی کہ گلگت بلتستان کو عارضی صوبے کا خصوصی درجہ دیا جائے، پاکستان کے آئی ن کے آرٹیکل 51 اور 59 میں ترامیم کر کے گلگت بلتستان کو سینیٹ اور قومی اسمبلی میں نشستیں دی جائے۔ ان آئینی امور پر ترامیم کیلئے وزیر اعظم نواز شریف کی

حکومت کو سینیٹ میں مطلوبہ اکثریت حاصل کرنے کیلئے مارچ 2018 کے سینیٹ انتخابات تک انتظار کرنا تھا کہ اس میں مسلم لیگ ن کو مطلوبہ اکثریت ملنا یقینی تھی مگر پھر جولائی 2017 آیا اور منتخب وزیر اعظم کو سازش کا شکار کر دیا گیا 2018 کے سینیٹ انتخابات میں مسلم لیگ ن کو بطور جماعت حصہ ہی نہیں لینے دیا گیا اور سینیٹ میں مطلوبہ اکثریت جو گلگت بلتستان کے آئینی حقوق کو ادا کر دیتی سے مسلم لیگ ن کو محروم کر دیا گیا۔ مسلم لیگ ن کے اگلے وزیر اعظم شاہد خاقان عباسی کے دور میں گورنمنٹ گلگت بلتستان آرڈر 2018 جاری ہوا مگر جولائی 2018 میں اس پر بھی ہتھوڑا برسا دیا گیا اگر نواز شریف حکومت 2017 میں سازش سے ختم نہ کی جاتی اور سینیٹ کے انتخابات شفاف ہونے دیے جاتے تو حافظ حفیظ الرحمان اپنے لوگوں کے آئینی معاملات کب کے حل کرا چکے ہوتے۔ جیسے و؟ جی بی ڈائیز اسٹر مینجمنٹ اتھارٹی، سکردو سالڈ ویسٹ مینجمنٹ ؟مپنی، گلگت سیف سٹی، یونیورسٹی آف بلتستان سکردو، کینسر ہسپتال گلگت، گلگت کارڈیک ہسپتال، گلگت سکردو موٹروے اور نلتر ایکسپریس وے جیسے منصوبے دے کر عوام کے بہت سارے مسائل حل کر چکے ہیں۔ مسائل پاکستان کے حل کرنے کی غرض سے اور بھی دروازے کھلے ہوئے ہیں جیسے کہ یورپی یونین میں پاکستان کے ایک توانا آواز اٹلی کی صورت میں موجود ہے۔ ابھی گزشتہ رات ہی اٹلی کی سفیر میریلینا آرملین اور مسٹر اگستو کی منعقد کردہ پروگرام میں موجود تھا تو مجھے یاد آیا کہ اٹلی و؟ ملک ہے جس نے پاکستان کی بحری اہمیت کو بالخصوص اس دور میں بھی سمجھا جب انڈیا کا پروپی گنڈہ پاکستان کے خلاف عروج پر تھا اور اس وقت بھی اٹلی کی بحریہ کے جہاز کراچی آئے تھے یہ انڈیا کے سندور اجڑنے سے قبل کی بات ہے، بلکل اسی طرح سے جب انڈیا اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل میں مستقل رکنیت کر لئے ہاتھ پاؤں مار رہا تھا تو اس کو روکنے کیلئے دونوں ممالک نے باہمی اشتراک پر مشتمل پاک اٹلی کافی کلب قایم کیا تھا۔ پاکستانیوں کی تو قابل لحاظ تعداد ادھر موجود ہی ہیں یہ جو بار بار جی ایس پی پلس سٹیٹس کے آگے سوالیہ نشان لگ جاتا ہے یہ اٹلی کے ساتھ موثر حکمت عملی اختیار کرنے سے مستقل جواب پا سکتا ہے بس شرط صحیح طرح سے اس کو استعمال کرنے کی ہے۔

خودکشی۔ براہ مہربانی طبی امور کو مفتیان عظام کی پہنچ سے دور رکھیں

تحریر: ڈاکٹر خرم نیازی

اپی ڈیمیالوجی یا وبائیات طب کی ایک بنیادی شاخ ہے جس میں بیماریوں، حادثات، پیچیدگیوں، اموات اور وجوہات کے مابین تعلق تلاش کیا جاتا ہے اور اس سارے علم کو اعداد و شمار کی شکل میں پیش کیا جاتا ہے تاکہ کسی ایک کمیونٹی، علاقے، ملک یا ساری دنیا کے لئے پبلک ہیلتھ کی ترجیحات متعین کی جا سکیں، بیماریوں اور آزار کی روک تھام کے لئے رقوم اور ذرائع مختص کیے جا سکیں اور کچھ عرصہ بعد دوبارہ اعداد و شمار کا جائزہ لے کر جانچا بھی جا سکے کہ متعلقہ مسئلہ میں کس قدر کمی یا اضافہ ہوا۔ یہ مبنی بر شواہد طب (ایوی ڈینس بیسڈ میڈیسن) کی ریڑھ کی ہڈی ہے۔

اگر خودکشی کی اپی ڈیمیالوجی پر نظر ڈالیں تو یہ حقیقت آشکار ہوتی ہے کہ اس طرز رحلت سے دنیا بھر میں ہر سال سات سے آٹھ لاکھ افراد ہمکنار ہوتے ہیں عالمی ادارہ؟ صحت اسے پبلک ہیلتھ (صحت عامہ) کو درپیش بہت بڑا چیلنج قرار دیتا ہے۔ ڈاکٹر مریم صبغت اللہ اور طہٰ صابری جو اس موضوع پر ات

انٹرنیشنل

مرانڈا: کارپس کرسٹی تہوار کے ڈانسنگ ڈیولز کے دوران شیطانوں کے لباس میں ملبوس لوگ رقص کر رہے ہیں

ٹرمپ دباؤ ڈال رہے ہیں کہ ہم شرائط مانیں، محسن رضائی

تہران (این این آئی) ایرانی سپریم لیڈر کے مشیر محسن رضائی نے کہا ہے کہ ٹرمپ دباؤ ڈال رہے ہیں کہ ہم ان کی شرائط مانیں اور اپنی شرائط مبہم رکھیں۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق جمعہ کو جاری ایک بیان میں انہوں نے کہا کہ موجودہ مسودے میں ابہام ہیں جن کی وضاحت ضروری ہے۔ اس سے پہلے ایران کے سپریم لیڈر مجتبیٰ خامنہ ای کا کہنا تھا کہ دشمن ایران میں اختلافات پیدا کرنے کی کوشش کر رہا ہے۔ آیت اللہ روح اللہ خمینی کی 37 ویں برسی کے موقع پر اپنے پیغام میں مجتبیٰ خامنہ ای نے کہا کہ دشمن میدان میں شکست کے بعد عوام کی استقامت کمزور کرنے کی کوشش کر رہا ہے۔ موجودہ مسودے میں ابہام ہیں جن کی وضاحت ضروری ہے، بیان

لندن: ملکہ کیملا رائل ہسپتال چیلسی میں 2026 چیلسی پنشنرز کے بانی کے دن کے موقع پر ایک تقریر کر رہی ہیں

خفیہ دستاویز کیس، امریکی قومی سلامتی کے سابق مشیر نے اعتراف جرم کا معاہدہ کرلیا

بولٹن خفیہ دستاویزات کی غلط دیکھ بھال کا اعتراف کرلیں گے، دو ملین ڈالر سے زیادہ جرمانہ ادا کرنے پر اتفاق کیا گیا، ذرائع

واشنگٹن (این این آئی) باخبر ذرائع نے انکشاف کیا ہے کہ توقع ہے کہ ڈونلڈ ٹرمپ کی انتظامیہ میں امریکہ کے سابق قومی سلامتی کے مشیر جان بولٹن خفیہ دستاویزات کی غلط دیکھ بھال سے متعلق کیس میں جرم کا اعتراف کرلیں گے۔ ذرائع کے مطابق جان بولٹن قومی سلامتی سے وابستہ حساس دستاویزات کو غیر قانونی طور پر اپنے پاس رکھنے کے ایک مجرمانہ الزام میں جرم کا اعتراف کرنے کا ارادہ رکھتے ہیں۔ سی این این کے مطابق انہوں نے دو ملین ڈالر سے زائد جرمانہ ادا کرنے پر بھی اتفاق کر لیا ہے۔ اس الزام میں سزا کی صورت میں ممکنہ سزا صفر سے 60 ماہ کے درمیان قید ہو سکتی ہے۔ دوسری جانب امریکی وزارتِ انصاف نے اس کیس پر تبصرہ کرنے سے انکار کر دیا اور سوالات کو عدالت کے ریکارڈ کی طرف منتقل کر دیا۔ رواں ماہ 26 جون کو سماعت کی تاریخ مقرر کی گئی ہے۔ جرم کے اعتراف کا یہ معاہدہ میری لینڈ کے استغاثہ کی جانب سے امریکہ کے سابق قومی سلامتی کے مشیر جان بولٹن پر الزامات عائد کیے جانے کے مہینوں بعد سامنے آیا ہے۔ جان بولٹن پر یہ الزامات صدر ڈونلڈ ٹرمپ کی پہلی مدتِ صدارت کے دوران وائٹ ہاس میں ان کے کام کے دور کی یادداشتوں اور دستاویزات کو اپنے پاس رکھنے کے پس منظر میں عائد کیے گئے تھے۔ استغاثہ نے جان بولٹن پر الزام لگایا تھا کہ انہوں نے اپنی روزمرہ کی سرگرمیوں سے متعلق معلومات کے ایک ہزار سے زیادہ صفحات اپنے ذاتی ای میل کے ذریعے دو ایسے افراد کے ساتھ شیئر کیے۔

برطانیہ اور فرانس کی آبنائے ہرمز کو مائنز سے پاک کرنے کے مشن کی قیادت کی تیاری

آبی گزرگاہ کو دوبارہ کھولنے سے متعلق مفاہمت تک پہنچنے کے چند دنوں کے اندر شروع ہو جائے گا، ذرائع

لندن (این این آئی) باخبر ذرائع نے بتایا ہے کہ برطانیہ اور فرانس امریکہ اور ایران کے درمیان حالیہ فوجی کشیدگی کے بعد تجارتی جہاز رانی کو دوبارہ محفوظ بنانے کی کوششوں کے تحت آبنائے ہرمز کو بحری مائنز سے پاک کرنے کے لیے ایک وسیع بین الاقوامی مشن کی قیادت کرنے کی تیاری کر رہے ہیں۔ ذرائع کے مطابق لندن اور پیرس نے اس مشن کے بنیادی منصوبوں کو مکمل کر لیا ہے۔ منصوبے کے بارے میں توقع ہے کہ واشنگٹن اور تہران کے درمیان تجارتی جہازوں کی آمدورفت کے لیے اس اہم آبی گزرگاہ کو دوبارہ کھولنے سے متعلق مفاہمت تک پہنچنے کے چند دنوں کے اندر شروع ہو جائے گا۔ آبنائے ہرمز دنیا کی اہم ترین بحری گزرگاہوں میں سے ایک ہے کیونکہ اس کے ذریعے عالمی سطح پر تیل اور گیس کی برآمدات کا ایک بڑا حصہ گزرتا ہے۔ خلیج میں حالیہ تصادم کے بعد وہاں جہاز رانی کی آمدورفت میں بڑے پیمانے پر رکاوٹ دیکھی گئی ہے۔ ذرائع نے یہ بھی بتایا کہ متعدد ملکوں کے فوجی منصوبہ ساز مائنز کو ہٹانے کے آپریشنز میں شرکت کے لیے کوآرڈینیشن کے اعلیٰ مراحل تک پہنچ چکے ہیں۔ یہ وہ مائنز ہیں جنہیں ایرانی پاسداران انقلاب نے آبنائے کے کچھ حصوں میں بچھایا ہے۔ ذرائع نے مزید کہا کہ اس مشن میں 15 ملکوں کا اتحاد شامل ہوگا جنہوں نے پہلے ہی فوجی دستے اور ساز و سامان فراہم کرنے کا عہد کر رکھا ہے بشرطیکہ کچھ ممالک تجارتی شپنگ کمپنیوں کو یقین دہانی کرانے اور جہاز رانی کی آمدورفت پر اعتماد بحال کرنے کے مقصد سے آپریشن شروع ہونے کے چند ہفتوں بعد اس میں شامل ہوں۔ ذرائع نے بتایا کہ لاجسٹک تیاریاں تقریباً مکمل ہو چکی ہیں۔ تاہم کچھ اضافی ساز و سامان، خاص طور پر خصوصی معاون جہازوں کی ضرورت اب بھی برقرار ہے۔ انہی ذرائع کے مطابق دستوں کی تعیناتی اس وقت تک شروع نہیں ہوگی جب تک امریکہ اور ایران کے درمیان ایسا معاہدہ طے نہ پا جائے جو تجارتی جہاز رانی کی آزادی کی مکمل بحالی اور آبنائے میں فوجی یونٹوں کے کام کے لیے ایک محفوظ ماحول کی فراہمی کی ضمانت دیتا ہو۔ امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے بدھ کے روز کہا تھا کہ امریکی افواج جہازوں کی آمدورفت کو خطرے میں ڈالنے والی "زیادہ تر" بحری مائنز کو ہٹانے میں کامیاب ہو گئی ہیں۔ امریکی وزیر خارجہ مارکو روبیو نے سینیٹ کے سامنے کہا تھا کہ ایران نے آبنائے کے وسیع علاقوں میں مائنز بچھائی ہیں۔ ٹرمپ نے مزید کہا کہ ایران کی جانب سے دشمنی کے خاتمے کی مفاہمت کی یادداشت پر دستخط کرتے ہی آبنائے کو فوراً دوبارہ کھول دیا جائے گا تاہم مذاکرات کو ابھی تک مشکلات کا سامنا ہے کیونکہ ایرانی وزیر خارجہ عباس عراقچی نے جنوبی لبنان میں اسرائیلی فوجی آپریشنز کے جاری رہنے کے سائے میں بات چیت میں کوئی پیش رفت نہ ہونے کا اعلان کیا ہے۔ یورپی تیاریاں بحران کے خاتمے کے بعد خلیج کی سکیورٹی کو یقینی بنانے میں لندن اور پیرس کے ایک بڑا کردار ادا کرنے کی خواہش کی عکاسی کرتی ہیں، خاص طور پر حالیہ جنگ کے انتظام کے حوالے سے ٹرمپ انتظامیہ اور امریکہ کے یورپی اتحادیوں کے درمیان باہمی تنقید کے تناظر میں یورپی تیاریاں اہم سمجھی جا رہی ہیں۔

ایرانی پولیس سرحد تک پہنچنے سے پہلے ہم سے رقم بٹور لیتی ہے، افغان پناہ گزین

جن افغانوں کے مالی مطالبات ہیں وہ امیگریشن اور غیر ملکی شہریوں کے محکموں کو شکایات جمع کرا سکتے ہیں، ایرانی پولیس

کابل (این این آئی) افغان پناہ گزینوں نے بتایا ہے کہ ایرانی پولیس کے اہلکار افغانستان واپس آنے والوں سے رقم بٹور لیتے ہیں اور انہیں راستہ جاری رکھنے کی اجازت دینے سے پہلے ان سے رقوم لیتے ہیں، ایسے وقت میں جب ایران سے آنے والوں کی طرف سے ان کے پیسے اور املاک ضبط کیے جانے اور ملک بدری سے پہلے اپنے مالی حقوق حاصل کرنے میں ناکامی کی شکایات میں اضافہ ہو رہا ہے۔ عرب ٹی وی کے مطابق ایران سے واپس آنے والے ایک افغان پناہ گزین نے بتایا کہ متعدد افغان جو سرحد کے راستے میں تھے، انہیں براہ راست بھتہ خوری کا سامنا کرنا پڑا۔ انہوں نے کہا کہ کچھ پولیس اہلکاروں نے ان کی نقل و حرکت کو آسان بنانے یا ایرانی سرزمین سے ان کے اخراج کے طریقہ کار کو تیز کرنے کے بہانے رقم کا مطالبہ کیا۔ ذرائع نے یہ بھی بتایا ہے کہ بہت سے افغان جنہیں ملک بدر کیا جا رہا ہے، وہ اپنی ملازمتیں کھو چکے تھے یا افغانستان واپس بھیجے جانے سے پہلے آجروں سے اپنے مالی واجبات وصول نہیں کر سکے تھے۔ ذرائع نے مزید کہا کہ ان میں سے کچھ راستے میں یا حراستی اور ملک بدری کے مراکز کے اندر رقم ادا کرنے کے بعد تقریباً بغیر پیسوں کے سرحد پر پہنچے۔ یہ کہانیاں ان شہادتوں کے عین مطابق ہیں جو انسانی حقوق کی ویب سائٹس اور تنظیموں نے ایران سے واپس آنے والے افغانوں کے حوالے سے نقل کی ہیں۔

لیما: فورزا پاپولر پارٹی کے صدارتی امیدوار کیکو فوجیموری کے حامی رقص کر رہے ہیں جب وہ رن آف سے قبل اختتامی ریلی کی مہم میں پہنچ رہے ہیں

تہران: ایران کے ایٹمی پروگرام کی تصدیق کرنے سے قاصر ہیں، آئی اے ای اے

تہران (این این آئی) بین الاقوامی ایٹمی توانائی ایجنسی نے اعلان کیا ہے کہ وہ بوشہر نیوکلیئر پاور پلانٹ کے علاوہ ایران کی بیشتر جوہری تنصیبات تک رسائی حاصل کرنے سے اب بھی قاصر ہے اور اس سے جوہری سرگرمیوں کی نگرانی اور ان کی مکمل تصدیق کرنے کی اس کی صلاحیت محدود ہو جاتی ہے۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق ایک بیان میں آئی اے ای اے نے کہا کہ اسے ایران میں غیر اعلانیہ جوہری سرگرمیوں اور مواد کے ممکنہ وجود کے بارے میں شدید خدشات لاحق ہیں۔ ایجنسی نے کہا کہ ایران کے جوہری پروگرام سے وابستہ بعض مقامات اور سرگرمیوں سے متعلق معلومات میں مسلسل خلا موجود ہے۔

مظاہرین امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کے داماد جیرڈ کشنر سے منسلک لگژری ریزورٹ کے منصوبے کے خلاف مظاہرے میں شریک ہیں۔

SPORTS سپورٹس

مونٹی کارلو: سرکٹ ڈی مونا کو میں فارمولا 2 چیمپئن شپ کے راؤنڈ 4 مونا کو سے قبل پریکٹس کے دوران برازیل کے ایمرسن فٹیپالڈی اور AIX ریسنگ (20) ٹریک پر ہیں

قومی خواتین نیٹ بال ٹیم کے چناؤ کے سلسلہ میں ایک روزہ اوپن ٹرائلز (کل) کراچی میں ہونگے

کراچی (این این آئی) پاکستان نیٹ بال فیڈریشن کے زیر اہتمام اور پاکستان سپورٹس بورڈ کے تعاون سے قومی خواتین نیٹ بال ٹیم کے چناؤ کے سلسلہ میں ایک روزہ اوپن ٹرائلز (کل) اتوار 7 جون کو پی ایس بی کوچنگ سنٹر، کراچی میں شام 5 بجے شروع ہونگے۔ پاکستان نیٹ بال فیڈریشن کے صدر شمین ملک نے بتایا کہ ٹرائلز کی تیاریاں زور و شور سے جاری ہیں اور ٹرائلز میں ملک بھر سے خواتین کھلاڑی حصہ لیں گی اور اس سلسلہ میں فیڈریشن کے ساتھ منسلک تمام صوبائی، ریجنل اور ڈیپارٹمنٹس کو ہدایات جاری کر دی گئی ہیں اور منتخب ٹیم کے کھلاڑی ہانگ کانگ میں کھیلی جانے والی ایشین ویمنز نیٹ بال چیمپئن شپ میں حصہ لیں گے۔

پیرس: ویمنز سنگلز سیمی فائنل میں روس کی میرا اینڈریوا یوکرین کی مارٹا کوسٹیوک کے خلاف ایکشن میں ہیں

ویرات کوہلی میدان سے باہر نہایت پرسکون، خاندانی، سادہ اور دوستانہ مزاج انسان ہیں، دوست

ویرات کوہلی بھارت میں ملنے والی غیر معمولی شہرت اور ہر وقت لوگوں کی توجہ کا مرکز بننے والی زندگی زیادہ پسند نہیں کرتے، لیام لیونگسٹن

نئی دہلی (این این آئی) بھارتی کرکٹ ٹیم اور انڈین پریمیئر لیگ کی فرنچائز رائل چیلنجرز بنگلورو کے بلے باز ویرات کوہلی کے سابق ساتھی لیام لیونگسٹن نے کھلاڑی کی نجی زندگی سے متعلق دلچسپ انکشاف کرتے ہوئے کہا ہے کہ ویرات کوہلی میدان سے باہر نہایت پرسکون، خاندانی، سادہ اور دوستانہ مزاج انسان ہیں۔ لیام لیونگسٹن نے ایک حالیہ پوڈ کاسٹ میں گفتگو کرتے ہوئے بتایا کہ ویرات کوہلی میدان سے باہر نہایت پرسکون، خاندانی، سادہ اور دوستانہ مزاج انسان ہیں لیکن میدان میں قدم رکھتے ہی انتہائی جارحانہ اور مقابلہ کرنے والے کھلاڑی بن جاتے ہیں۔ لیام لیونگسٹن نے کہا کہ ویرات کوہلی بھارت میں ملنے والی غیر معمولی شہرت اور ہر وقت لوگوں کی توجہ کا مرکز بننے والی زندگی زیادہ پسند نہیں کرتے، ویرات کوہلی ایسی زندگی کے خواہشمند نہیں تھے جو وہ بھارت میں جی رہے ہیں، انہیں پرسکون ماحول میں رہنا پسند ہے جہاں ان پر توجہ نہ دی جائے اور اپنی مرضی سے آزاد گھومنے پھرنے دیا جائے۔ ان کے مطابق ویرات کوہلی ایک خوش مزاج شخصیت کے مالک ہیں جو اپنے خاندان کے ساتھ وقت گزارنا پسند کرتے ہیں اور دنیا گھومنا چاہتے ہیں، انہیں شہرت کے سبب گھر میں بند رہنا بالکل پسند نہیں۔ لیام لیونگسٹن نے کہا کہ ویرات کوہلی کی ہر حرکت پر کیمرے چوکنا رہتے ہیں اور عوام کی نظر ہوتی ہے جس کی وجہ سے انہیں ہر وقت غیر معمولی توجہ کا سامنا رہتا ہے، یہی وجہ ہے کہ انہوں نے اپنی بیٹی کی پیدائش کے بعد بیرونِ ملک منتقل ہونے کا فیصلہ کیا تھا۔

آسٹریلیا کیخلاف سیریز جیتنے پر پوری ٹیم نے ایک یونٹ کے طور پر عمدہ کارکردگی دکھائی، شاہین شاہ آفریدی

پوری ٹیم نے ایک یونٹ کے طور پر عمدہ کارکردگی دکھائی اور اسی محنت کا نتیجہ سیریز میں کامیابی کی صورت میں سامنے آیا، گفتگو

لاہور (این این آئی) پاکستان ون ڈے ٹیم کے کپتان شاہین شاہ آفریدی نے آسٹریلیا کے خلاف سیریز جیتنے پر خوشی کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ پوری ٹیم نے ایک یونٹ کے طور پر عمدہ کارکردگی دکھائی اور اسی محنت کا نتیجہ سیریز میں کامیابی کی صورت میں سامنے آیا۔ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے شاہین آفریدی نے کہا کہ ہوم سیریز میں دنیا کی تمام ٹیمیں اپنی کنڈیشنز اور اپنی حکمت عملی کے مطابق پچز تیار کرتی ہیں۔ پاکستان نے بھی ایسی پچز بنائیں جن پر ٹیم کو فائدہ مل سکتا تھا کیونکہ ہمارا بنیادی ہدف سیریز جیتنا تھا۔ انہوں نے کہا کہ یہ پچز بیٹنگ کے لیے آسان نہیں تھیں اور رنز بنانا کافی مشکل تھا تاہم کھلاڑیوں نے حالات کے مطابق خود کو ڈھالا اور ذمہ دارانہ کھیل پیش کیا۔ قومی کپتان نے کہا کہ ٹیم مینجمنٹ نے سیریز کے دوران کھلاڑیوں کو تسلسل کے ساتھ مواقع دینے کی پالیسی اپنائی، اسی وجہ سے ہر میچ میں غیر ضروری تبدیلیاں نہیں کی گئیں تاکہ کھلاڑی اعتماد کے ساتھ اپنی صلاحیتوں کا اظہار کر سکیں۔ انہوں نے کہا کہ جب کسی کھلاڑی کو مسلسل موقع دیا جاتا ہے تو وہ بہتر نتائج دیتا ہے۔ شاہین آفریدی نے آل راؤنڈر کی کارکردگی کا خصوصی ذکر کرتے ہوئے کہا کہ اگرچہ شاداب پر تنقید اور سوالات اٹھائے جا رہے تھے، لیکن انہوں نے دباؤ میں بہترین بولنگ کی۔ شاداب نے اپنی لائن اور لینتھ پر بہترین کنٹرول رکھا اور ٹیم کی فتح میں اہم کردار ادا کیا۔ کپتان کے مطابق ایسے مواقع پر تجربہ کار کھلاڑیوں کی موجودگی ٹیم کے لیے بہت اہم ہوتی ہے۔ فاسٹ بولنگ کمبی نیشن کے حوالے سے سوال کے جواب میں شاہین نے کہا کہ دو فاسٹ بولرز کے ساتھ میدان میں اترنے کی صورت میں حارث رؤف زیادہ موزوں انتخاب محسوس ہوئے۔ انہوں نے کہا کہ ٹیم کے تمام بولرز اپنی ذمہ داریاں بخوبی نبھا رہے ہیں اور ہر کھلاڑی اپنی کارکردگی بہتر بنانے کی کوشش کر رہا ہے۔ سینئر کھلاڑیوں کے بارے میں بات کرتے ہوئے شاہین آفریدی نے کہا کہ انہیں بھی وقت اور اعتماد کی ضرورت ہوتی ہے۔ انہوں نے میڈیا اور شائقین سے درخواست کی کہ کھلاڑیوں کو تھوڑا موقع دیا جائے تاکہ وہ اپنی فارم اور اعتماد بحال کر سکیں۔ آئندہ آئی سی سی ورلڈ کپ کے بارے میں گفتگو کرتے ہوئے شاہین آفریدی نے محتاط رویہ اپنایا۔ انہوں نے کہا کہ ورلڈ کپ میں ابھی تقریباً 14 سے 15 ماہ باقی ہیں، اس لیے اس مرحلے پر کسی بڑی پیش گوئی یا دعوے کرنا قبل از وقت ہوگا۔ ان کا کہنا تھا کہ ٹیم فی الحال اپنی کارکردگی میں بہتری، کمزوریوں کو دور کرنے اور ایک مضبوط کمبی نیشن بنانے پر توجہ دے رہی ہے۔ آخر میں قومی کپتان نے سیریز میں کامیابی کا سہرا پوری ٹیم، کوچنگ سٹاف اور شائقین کے سر باندھتے ہوئے کہا کہ کھلاڑیوں نے مشکل حالات میں بھرپور محنت کی اور اسی اجتماعی کوشش نے پاکستان کو آسٹریلیا کے خلاف سیریز جتوانے میں مدد دی۔

پاکستان وائٹ بال کرکٹ ٹیم کے بیٹنگ کوچ حنیف ملک ذمے داریاں مکمل کرنے کے بعد سبکدوش

آسٹریلیا کے خلاف ہوم ون ڈے سیریز حنیف ملک کی پاکستان ٹیم کے ساتھ آخری سیریز تھی، رپورٹ

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان وائٹ بال کرکٹ ٹیم کے بیٹنگ کوچ حنیف ملک ذمے داریاں مکمل کرنے کے بعد سبکدوش ہو گئے، آسٹریلیا کے خلاف ہوم ون ڈے سیریز حنیف ملک کی پاکستان ٹیم کے ساتھ آخری سیریز تھی۔ حنیف ملک نے ٹی 20 ورلڈ کپ کے بعد استعفیٰ دے دیا تھا اور وہ نوٹس پیریڈ پر تھے۔ پاکستان وائٹ بال ہیڈ کوچ مائیک ہیسن نے حنیف ملک کا شکریہ ادا کیا ہے۔ مائیک ہیسن نے کہا کہ میں حنیف ملک کی مسکراہٹ کو مس کروں گا، وائٹ بال ٹیم کے ساتھ تمام مہارت جذبے اور شاندار کام کے انداز پر شکریہ ادا کرتا ہوں۔ پاکستان وائٹ بال ہیڈ کوچ نے کہا کہ حنیف ملک آپ ایک اچھے کوچ اور انسان ہیں، آپ کے مستقبل کے لیے نیک خواہشات ہیں۔ دوسری جانب پاکستان کرکٹ بورڈ نے بیٹنگ کوچ کی تلاش کے لیے اشتہار دے رکھا ہے جبکہ پاکستان وائٹ بال ٹیم کی اگلے 4 ماہ کوئی مصروفیت نہیں ہے۔ حنیف ملک کی مسکراہٹ کو مس کروں گا، وائٹ بال ٹیم کے ساتھ تمام مہارت جذبے اور شاندار کام کے انداز پر شکریہ ادا کرتا ہوں، مائیک ہیسن۔ حنیف ملک کی مسکراہٹ کو مس کروں گا، وائٹ بال ٹیم کے ساتھ تمام مہارت جذبے اور شاندار کام کے انداز پر شکریہ ادا کرتا ہوں، مائیک ہیسن، آسٹریلیا کے خلاف ہوم ون ڈے سیریز حنیف ملک کی پاکستان ٹیم کے ساتھ آخری سیریز تھی، آسٹریلیا کے خلاف ہوم ون ڈے سیریز حنیف ملک کی پاکستان ٹیم کے ساتھ آخری سیریز تھی

روم: اولمپیکو اسٹیڈیم میں 2026 کی وانڈا ڈائمنڈ لیگ کے گولڈن گالا پیٹرومینیا کے دوران ویمنز 5000 میٹر کے دوران ٹیم ایتھوپیا کی لکینا امیاؤ ٹیم ایتھوپیا کی الیشین باویک کے ساتھ گلے مل رہی ہیں

نیشنل جونیئر اتھلیٹکس چیمپئن شپ (کل) سے پشاور میں شروع ہوگی

اسلام آباد (این این آئی) اتھلیٹکس فیڈریشن آف پاکستان کے زیر اہتمام، خیبر پختونخوا اتھلیٹکس ایسوسی ایشن اور ڈائریکٹوریٹ جنرل آف اسپورٹس خیبر پختونخوا کے تعاون سے نیشنل جونیئر اتھلیٹکس چیمپئن شپ (کل) اتوار 7 جون سے قیوم اسٹیڈیم، پشاور پشاور میں شروع ہوگی۔ گزشتہ روز اتھلیٹکس فیڈریشن آف پاکستان کے صدر برگیڈیئر ریٹائرڈ وجاہت حسین نے بتایا کہ چیمپئن شپ کی تیاریاں زور و شور سے جاری ہیں اور چیمپئن شپ میں ملک بھر سے 14 مرد اور خواتین ٹیموں کے کھلاڑی حصہ لیں گے جن میں پاکستان آرمی، پاکستان ایئر فورس، پاکستان نیوی، پاکستان واپڈا، پاکستان ریلوے، پاکستان پولیس اور ہائر ایجوکیشن کمیشن، پنجاب، سندھ، بلوچستان، خیبر پختونخوا، گلگت بلتستان، آزاد جموں و کشمیر اور اسلام آباد کی ٹیمیں شامل ہیں۔ ج

ہیملٹن: چیفس ہیڈ کوارٹر میں چیفس سپر رگبی ٹریننگ سیشن کے دوران چیفس لالاکائی فوکیٹی گیند کو پاس کر رہے ہیں

روزنامہ قوت لاہور
چیف ایڈیٹر میاں محمد فیاض

صنعت وتجارت نیوز

معیشت نامہ

عشرہ محرم الحرام کے دوران فیصل آباد ڈویژن کے چاروں اضلاع میں 1528 جلوس اور 4402 مجالس منعقد ہونگی

امن ماحول میں انعقاد کے لئے تمام تر انتظامی وحفاظتی اقدامات مکمل کر لئے گئے: کمشنر فیصل آباد

فیصل آباد (ملک بشیر احمد) عشرہ محرم الحرام کے دوران فیصل آباد ڈویژن کے چاروں اضلاع میں 1528 جلوس اور 4402 مجالس منعقد ہونگی جن کے پرامن ماحول میں انعقاد کے لئے تمام تر انتظامی وحفاظتی اقدامات مکمل کر لئے گئے ہیں۔ یہ بات کمشنر فیصل آباد مسرت جبیں کی زیر صدارت اعلیٰ سطحی اجلاس کے دوران بتائی گئی جس میں ڈپٹی کمشنرز نے عشرہ محرم الحرام کے انتظامات کے حوالے سے بریفنگ دی۔ ڈپٹی کمشنر فیصل آباد کیپٹن (ر) ندیم ناصر نے بتایا کہ ضلع بھر میں 443 جلوس اور 1281 مجالس ہونگی جن میں کیٹیگری اے کے 36 جلوس اور 55 مجالس شامل ہیں۔ انہوں نے جلوسوں کے روٹس پر انتظامات اور ضلعی کنٹرول روم کے قیام کے حوالے سے آگاہ کیا اور بتایا کہ روٹس پر سی سی ٹی وی کیمرے مرکزی کنٹرول روم اور سیف سٹی کمانڈ اینڈ کنٹرول سسٹم سے منسلک ہونگے اور لمحہ بہ لمحہ روٹس کی مانیٹرنگ کی جائے گی۔ ڈپٹی کمشنر جھنگ علی اکبر بھنڈر نے بتایا کہ ضلع میں 493 جلوس اور 1902 مجالس کے انعقاد کے لئے تمام تر تیاریاں مکمل ہیں۔ اسی طرح ڈپٹی کمشنر ٹوبہ ٹیک سنگھ عمر عباس میلہ نے بتایا کہ ضلع میں 334 جلوس اور 534 مجالس، ڈپٹی کمشنر چنیوٹ عائشہ رضوان نے بتایا کہ ضلع میں 258 جلوس اور 685 مجالس کے پرامن انعقاد کے لئے تمام تر ضروری انتظامات کو حتمی شکل دے دی گئی ہے۔ کمشنر فیصل آباد نے عشرہ محرم الحرام سے قبل تمام تر ضروری انتظامات کو وضع کردہ چیک لسٹ کے مطابق سو فیصد مکمل کرنے، روٹس پر پیچ ورک، لائٹس کے مناسب انتظامات اور بجلی کی بلا تعطل سپلائی کو یقینی بنانے کا حکم دیا۔ انہوں نے سیوریج سسٹم کی بحالی کی ہدایت کرتے ہوئے کہا کہ کلیئرنس پوائنٹس کو مکمل چیک اور اضافی انتظامات یقینی بنائے جائیں۔ کمشنر نے عشرہ محرم الحرام انتظامات کی کامیابی کے لئے زیرو ٹالرنس پالیسی اپنانے کی ہدایت کی۔ انہوں نے پانی، شربت کی سبیلوں کی چیکنگ کرنے، امن کمیٹی کے ارکان اور علما کرام سے قریبی رابطہ رکھنے کی ضرورت پر زور دیا۔ انہوں نے واضح کیا کہ محکموں کو تفویض کردہ ذمہ داریوں کی کڑی مانیٹرنگ ناگزیر ہے

36 اضلاع میں ایڈیشنل سیشن ججز کو ٹربیونلز مقرر کر کے فہرست پنجاب حکومت کو ارسال

زمینوں پر قبضوں کے خلاف سفارشات مرتب کر کے ٹربیونلز کو بھجوا دی ہیں ٹربیونلز کو اختیار ہوگا

بہلم (بیورو رپورٹ) بہلم پنجاب پراپرٹی اور شپ ترمیمی ایکٹ، 36 اضلاع میں ٹربیونلز نامزد بہلم میں مرزا اورنگ زیب ایڈیشنل سیشن جج پر مشتمل ٹربیونل مقرر، چیف جسٹس لاہور ہائیکورٹ جسٹس عالیہ نیلم نے پنجاب کے 36 اضلاع میں ایڈیشنل سیشن ججز کو ٹربیونلز مقرر کر کے فہرست پنجاب حکومت کو ارسال کر دی جبکہ مجموعی طور پر 575 کیسز میں علم امتناعی ختم کرتے ہوئے تمام کیسز ٹربیونلز کو بھجوا دیئے گئے ہیں چیف جسٹس لاہور ہائیکورٹ جسٹس عالیہ نیلم نے پنجاب پراپرٹی ترمیمی ایکٹ کے تحت 36 ایڈیشنل سیشن ججز کو بطور ٹربیونلز نامزد کیا ہے۔ لاہور میں ایڈیشنل سیشن جج سیف اللہ سومل، قصور میں محمد اشفاق، اٹک میں ندیم احمد سہیل چیمہ، بہاولنگر میں محمد صلابت جاوید، بہاولپور میں ساحر اسلام، بھکر میں محمد اعظم جاوید، چنیوٹ میں نعیم عباس، چکوال میں قاسم علی گھمن، ڈیرہ غازی خان میں سرفراز حسین، فیصل آباد میں عمران شفیع خان، گوجرانوالہ میں محمد فرحان نبی، گجرات میں مظفر نواز ملک، حافظ آباد میں عمر رشید، جھنگ میں عمر فاروق خان، جہلم میں مرزا اورنگ زیب، خانیوال میں عبدالغنی عثمان، خوشاب میں محمد بشیر، لودھراں میں حمد ایاز لیہ میں محمد پرویز نواز، منڈی بہاؤالدین میں محمد فخر آفتاب احمد، میانوالی میں عبدالغفور، لیہ میں پرویز نواز مظفر گڑھ میں محمد احمد تحسین خان، نارووال میں عالم شیر، ننکانہ صاحب میں مجاہد شیر دل چیمہ، اوکاڑہ میں خلیل احمد خان، پاکپتن میں اسد حفیظ، راولپنڈی میں چودھری قاسم جاوید، راجن پور میں محمد اشرف، رحیم یار خان میں محمد بلال، ساہیوال میں محمد نعیم، سیالکوٹ میں عابد رضا خان، شیخوپورہ میں عبدالحمید، سرگودھا میں ظفر حیات، ٹوبہ ٹیک سنگھ میں محمد کاشف اور وہاڑی میں محمد عمران فرائض انجام دیں گے ڈپٹی کمشنرز کی سربراہی میں کمیٹی نے زمینوں پر قبضوں کے خلاف سفارشات مرتب کر کے ٹربیونلز کو بھجوا دی ہیں ٹربیونلز کو اختیار ہوگا کہ وہ قبضہ پولیس کے ذریعے واگزار کروائیں اور جرم ثابت ہونے پر ملزموں کو 3 سے 10 سال تک قید اور لاکھوں روپے جرمانے کی سزا دے سکیں، اگر کوئی کیس کسی عدالت میں زیر التوا ہوگا تو دونوں میں سے کوئی بھی فریق درخواست دے کر اسے ڈی سی کی سربراہی میں قائم کمیٹی کو منتقل کرنے کی ابتدا کر سکے گا، تاہم حتمی فیصلہ عدالت کا ہوگا اس سے قبل چیف جسٹس لاہور ہائیکورٹ جسٹس عالیہ نیلم نے پنجاب پراپرٹی اور شپ ایکٹ کے مبینہ غلط استعمال پر حکم امتناعی جاری کیا تھا۔ بعد ازاں پنجاب حکومت نے قانون میں ترمیم کی، جس کے بعد ہائیکورٹ میں زیر التوا تمام حکم امتناعی ختم کر دیئے گئے علاوہ ازیں ایڈیشنل سیشن ججز ٹربیونلز میں فرائض انجام دیں گے، فہرست پنجاب حکومت کو ارسال کر دی گئی ہے جبکہ حکم امتناعی ختم کر کے 575 کیسز ٹربیونلز کو بھیج دیئے گئے ہیں

جی ٹی روڈ راٹھیاں کے قریب تیز رفتار کار اور ٹرک کے درمیان خوفناک تصادم 38 سالہ خاتون جاں بحق

جہلم (بیورو رپورٹ) جی ٹی روڈ راٹھیاں کے قریب تیز رفتار کار اور ٹرک کے درمیان خوفناک تصادم کے نتیجے میں 38 سالہ خاتون جاں بحق جبکہ 4 افراد زخمی ہو گئے۔ ریسکیو ذرائع کے مطابق حادثہ اس وقت پیش آیا جب لاہور سے چکوال جانے والی کار بے قابو ہو کر آگے جانے والے ٹرک کے نیچے جا گھسی، جس کے باعث گاڑی بری طرح تباہ ہو گئی۔ حادثے کے وقت کار میں خاتون سمیت 5 افراد سوار تھے۔ تصادم کے نتیجے میں 38 سالہ خاتون موقع پر ہی دم توڑ گئی جبکہ دیگر چار افراد شدید زخمی ہو گئے۔ اطلاع ملتے ہی ریسکیو 1122 کی ٹیمیں جائے وقوعہ پر پہنچ گئیں اور امدادی کارروائیاں کرتے ہوئے جاں بحق خاتون کی لاش اور زخمیوں کو فوری طور پر ڈسٹرکٹ ہیڈ کوارٹر (ڈی ایچ کیو) اسپتال جہلم منتقل کر دیا۔ ریسکیو حکام کے مطابق زخمیوں کو طبی امداد فراہم کی جا رہی ہے جبکہ حادثے کی وجوہات جاننے کے لیے مزید تحقیقات شروع کر دی گئی ہیں۔ افسوسناک حادثے کے باعث جی ٹی روڈ پر کچھ دیر کے لیے ٹریفک کی روانی بھی متاثر رہی، تاہم بعد ازاں گاڑیوں کو ہٹا کر، ہر قسم کی ٹریفک بحال کر دی گئی۔

بجلی اور گیس کے بلوں میں شامل اضافی ٹیکسوں اور سرچارجز کو ختم کر کے عوام کو حقیقی ریلیف فراہم کیا جائے

جہلم (بیورو رپورٹ) انجمن آرائیاں ضلع جہلم کے صدر حاجی حبیب الرحمن چوہدری نے حکومت سے مطالبہ کیا ہے کہ بجلی اور گیس کے بلوں میں شامل اضافی ٹیکسوں اور سرچارجز کو ختم کر کے عوام کو حقیقی ریلیف فراہم کیا جائے۔ اپنے ایک بیان میں انہوں نے کہا کہ مہنگائی کے موجودہ دور میں بجلی اور گیس کے بھاری بھرکم بلوں نے غریب اور متوسط طبقے کی کمر توڑ کر رکھ دی ہے، جبکہ عام آدمی کے لیے گھریلو اخراجات پورے کرنا بھی مشکل ہو چکا ہے۔ حاجی حبیب الرحمن چوہدری نے کہا کہ عوام پہلے ہی مہنگائی، بے روزگاری اور بڑھتے ہوئے اخراجات کے باعث شدید مشکلات کا شکار ہیں، ایسے میں یوٹیلٹی بلوں پر عائد اضافی ٹیکس عوامی پریشانیوں میں مزید اضافہ کر رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ حکومت کو چاہیے کہ عوامی مسائل کو ترجیحی بنیادوں پر حل کرے اور بجلی و گیس کے نرخوں میں کمی کے ساتھ ساتھ غیر ضروری ٹیکسوں کا خاتمہ بھی یقینی بنائے۔ انہوں نے کہا کہ انجمن آرائیاں ضلع جہلم ہمیشہ عوامی مسائل کو اجاگر کرنے اور ان کے حل کے لیے آواز بلند کرتی رہی ہے۔

شہادت حضرت عثمان غنی پیکر شرم وحیاء ودامار رسول تھے۔ شاہد محمود ندیم

شہادت عثمان غنی دین سربلندی کیلئے قربان ہونے کا فلسفہ ہے۔ معروف ایجوکیٹر

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ بیورو عامر جاوید) تاریخ اسلام کا یہ عظیم باب صرف پڑھنے اور سننے کے لیے نہیں بلکہ اپنی زندگیوں میں اپنانے کے لیے ہے۔ حضرت عثمانِ غنی رضی اللہ عنہ کی حیا، سخاوت، حلم، بردباری اور عشقِ رسول ﷺ آج بھی امت کو یہ پیغام دیتے ہیں کہ عزت، کامیابی اور سربلندی کا راستہ اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول ﷺ کی اطاعت، خدمتِ دین اور خیر خواہی امت میں پوشیدہ ہے۔ ان باتوں کا اظہار معروف ایجوکیٹر و اسلامک سکالر شاہد محمود ندیم نے کرتے ہوئے کہا کہ ذوالنورین سیدنا حضرت عثمان غنی کا شمار اپنے مال و دولت کو دین اسلام کی سربلندی کے لیے بے دریغ خرچ کرنے والوں میں ہوتا ہے انہوں نے کہا کہ موجودہ ملکی حالات کے تناظر میں سیدنا عثمانِ غنی رضی اللہ عنہ کی شہادت ہمیں اتحادِ امت، صبر و استقامت، تحمل و برداشت اور دین کی خاطر ہر قربانی پیش کرنے کا درس دیتی ہے۔ آپ رضی اللہ عنہ نے اپنی جان قربان کر دی مگر مسلمانوں کے درمیان خونریزی اور انتشار کو گوارا نہ فرمایا۔ آج جبکہ امتِ مسلمہ مختلف فتنوں، اختلافات اور باہمی کشمکش کا شکار ہے، ہمیں حضرت عثمانِ غنی رضی اللہ عنہ کے اسوۂ حسنہ سے رہنمائی حاصل کرتے ہوئے محبت، اخوت، برداشت اور اتحاد کو فروغ دینا ہے۔ قرآنِ کریم سے محبت، مساجد کی آبادکاری، دین کی خدمت، حیا و پاکیزگی، سخاوت و ایثار اور اطاعتِ رسول ﷺ وہ اوصاف ہیں جنہوں نے حضرت عثمانِ غنی رضی اللہ عنہ کو تاریخِ اسلام کا درخشاں ستارہ بنا دیا۔

پنجاب میں لینڈ ریکارڈ ڈیجیٹل ہو گیا، 30 جون کے بعد مینوئل فرد کا اجرا بند

اب زمین کی ملکیت کے لیے 'گرین سرٹیفکیٹ لیٹر' جاری ہوگا

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) پنجاب حکومت نے ریونیو نظام میں بڑی اصلاحات کا اعلان کرتے ہوئے 30 جون کے بعد مینوئل پٹوار خانوں سے فرد کا اجرا مکمل طور پر بند کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ حکومت کے مطابق اب زمین کی ملکیت کی تصدیق کے لیے جدید 'گرین سرٹیفکیٹ لیٹر' جاری کیا جائے گا، جو بورڈ آف ریونیو پنجاب کے لینڈ ریکارڈ مینجمنٹ سسٹم سے منسلک ہوگا۔ گرین سرٹیفکیٹ لیٹر میں مالک کا نام، شناختی کارڈ نمبر، کھسرا نمبر، رقبہ، کھیل اور ضلع کی تفصیل شامل ہوگی۔ اس پر کیو آر کوڈ بھی موجود ہوگا جس سے دستاویز کی آن لائن تصدیق ممکن ہو سکے گی۔ حکومت کا کہنا ہے کہ اس اقدام سے نظام میں شفافیت آئے گی، کرپشن کے مواقع کم ہوں گے اور شہریوں کو فرد کے حصول میں آسانی اور فوری ریلیف ملے گا۔ حکام کے مطابق یہ قدم پنجاب میں لینڈ ریکارڈ کو مکمل طور پر ڈیجیٹل اور شفاف بنانے کی جانب ایک اہم پیش رفت ہے۔

جہلم ناقص خوراک فروخت کرنے والے فوڈ پوائنٹس شہریوں کی صحت کیلئے خطرہ بن گئے

شہر اور گردونواح میں قائم متعدد پوائنٹس، جوس کارنرز اور ٹھیلے شہریوں کی صحت کے لیے سنگین خطرہ بنتے جا رہے ہیں

جہلم (بیورو رپورٹ) جہلم ناقص خوراک فروخت کرنے والے فوڈ پوائنٹس شہریوں کی صحت کیلئے خطرہ بن گئے۔ شہر اور گردونواح میں قائم متعدد پوائنٹس، جوس کارنرز اور ٹھیلے شہریوں کی صحت کے لیے سنگین خطرہ بنتے جا رہے ہیں۔ شہری حلقوں نے الزام عائد کیا ہے کہ ملک شیک، جوسز، فروٹ چاٹ، دہی بھلے اور دیگر اشیائے خورونوش کی تیاری میں معیاری اجزاء کے بجائے انتہائی ناقص اور غیر معیاری میٹریل استعمال کیا جا رہا ہے جبکہ بعض مقامات پر دودھ اور دہی کی جگہ مضر صحت کیمیکلز اور مصنوعی اجزاء کا استعمال بھی معمول بن چکا ہے۔ شہریوں کا کہنا ہے کہ بیشتر فوڈ پوائنٹس پر باسی پھل، خراب دودھ اور ناقص مصالحہ جات استعمال کیے جاتے ہیں جس سے معدے، جگر اور آنتوں کی بیماریوں سمیت ہیپاٹائٹس اور دیگر موذی امراض پھیلنے کا خدشہ بڑھ گیا ہے۔ عوامی حلقوں کے مطابق گرمی کے موسم میں فروخت ہونے والی ٹھنڈی اشیاء کی مانگ میں اضافے کا فائدہ اٹھاتے ہوئے بعض عناصر بھاری نرخ وصول کر رہے ہیں لیکن معیار کو یکسر نظر انداز کیا جا رہا ہے۔ شہریوں نے شکایت کی ہے کہ گھٹیا گریڈ اور غیر معیاری اشیاء کے استعمال کے باوجود متعلقہ ادارے پنجاب فوڈ اتھارٹی کے زمہ داران کی جانب سے مؤثر نگرانی و کارروائیاں دکھائی نہیں دیتی جس کے باعث ناقص خوراک فروخت کرنے والوں کے حوصلے بلند ہو رہے ہیں ان کا کہنا ہے کہ ایسے فوڈ پوائنٹس کینسر، ہیپاٹائٹس اور دیگر خطرناک بیماریوں کے مراکز بنتے جا رہے ہیں۔

فیکٹری ایریا کیمیکل ڈور اور پتنگوں کے ذریعے موت بانٹنے کی تیاری ناکام

فیروز والہ پتنگ بازی نہیں انسانی جانیں مقدم ایک سوداگر قانون کے شکنجے میں آ گیا 6 فرار

فیروز والہ (نامہ نگار منور حسین) فیروز والہ تھانہ فیکٹری ایریا کیمیکل ڈور اور پتنگوں کے ذریعے موت بانٹنے کی تیاری ناکام پولیس کی بڑی کارروائی۔ فیروز والہ پتنگ بازی نہیں انسانی جانیں مقدم ایک سوداگر قانون کے شکنجے میں آ گیا چھ فرار۔ ایف آئی آر فیروز والہ ملزم کی شناخت امتیاز علی کے نام سے ہوئی۔ پولیس فیروز والہ پنجاب حکومت کی مکمل پابندی کے باوجود کاروبار پولیس نے رنگے ہاتھوں پکڑ لیا۔ فیروز والہ ڈی پی او شیخوپورہ بلال ظفر شیخ کا کیمیکل ڈور اور پتنگوں کے خلاف زیرو ٹالرنس کا واضح پیغام۔ فیروز والہ قانون توڑنے والوں کو رعایت نہیں پولیس میدان میں 150 پتنگیں اور 6 کیمیکل کی چرخیاں برآمد۔ فیروز والہ کیمیکل ڈور اور پتنگوں کے سوداگر ہوشیار پولیس جاگ رہی ہے۔

مصطفی آباد کے بہادر سپوت محمد جہانگیر فوجی اعزاز کے ساتھ سپردِ خاک

تربت میں وطن کے دفاع کے دوران شہید ہونے والے جوان کی نمازِ جنازہ میں ہزاروں افراد کی شرکت

پاک فوج کے چاک وچوبند دستے کی سلامی، قومی پرچم اور شہید کی وردی والد کے حوالے، فضا پاکستان زندہ باد کے نعروں سے گونج اٹھی

مصطفی آباد (نیوز رپورٹر قوت) بلوچستان کے علاقے تربت میں قومی سلامتی اور دفاعِ وطن کا فریضہ سرانجام دیتے ہوئے جامِ شہادت نوش کرنے والے پاک فوج کے جوان محمد جہانگیر کو مکمل فوجی اعزاز کے ساتھ سپردِ خاک کر دیا گیا۔ نمازِ جنازہ میں عوام، سیاسی و سماجی شخصیات، منتخب نمائندوں اور پاک فوج کے افسران و جوانوں کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔ شہید کے جسدِ خاکی کی آبائی علاقے آمد پر شہریوں نے پھولوں کی پتیاں نچھاور کر کے اپنے ہیرو کو خراجِ عقیدت پیش کیا جبکہ تدفین کے موقع پر پاک فوج کے دستے نے سلامی دی۔ فوجی حکام نے قومی پرچم اور شہید کی یادگار وردی ان کے والد کے حوالے کی۔ اس موقع پر شہید کے والد نے اپنے بیٹے کی قربانی پر فخر کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ وطن عزیز کے دفاع کے لیے دی جانے والی یہ قربانی ان کے لیے باعثِ اعزاز ہے۔ شرکاء نے شہید کی عظیم قربانی ک

کمشنر آفس میں ساہیوال آرٹس کونسل کی تزئین وآرائش کے منصوبے کا ٹینڈر کھولا گیا

اجلاس میں محکمہ بلڈنگز کے متعلقہ افسران اور مختلف کنٹریکٹرز نے شرکت کی

ساہیوال (مہر اے ڈی نسیم سپرا سے) ڈائریکٹر ڈویلپمنٹ اینڈ فنانس شفیق احمد ڈوگر کی زیر صدارت کمشنر آفس میں ساہیوال آرٹس کونسل کی تزئین وآرائش کے منصوبے کا ٹینڈر کھولا گیا۔ اجلاس میں محکمہ بلڈنگز کے متعلقہ افسران اور مختلف کنٹریکٹرز نے شرکت کی۔ اجلاس کے دوران ٹینڈرنگ کے عمل کو شفاف انداز میں مکمل کیا گیا اور مختص فنڈ سے 41 فی صد کم پر ٹھیکہ ایوارڈ کیا گیا۔ منصوبے کے تحت آرٹس کونسل کی عمارت کی مرمت، سیوریج سسٹم کی بہتری اور تزئین و آرائش کا کام کیا جائے گا تاکہ عمارت کی فعالیت، صفائی اور مجموعی حسن میں اضافہ ہو سکے گا جس سے ادارے کی کارکردگی اور ثقافتی سرگرمیوں کے فروغ میں مدد ملے گی۔ حکام کے مطابق منصوبے پر مجموعی طور پر 73 لاکھ 87 ہزار روپے رکھے گئے ہیں اور اسے تین ماہ کی مدت میں مکمل کرنے کا ہدف مقرر کیا گیا ہے۔ منصوبے کی تکمیل سے ساہیوال آرٹس کونسل کو جدید سہولیات میسر آئیں گی اور فن و ثقافت سے وابستہ افراد کو بہتر ماحول فراہم ہوگا۔ اجلاس کے اختتام پر ڈائریکٹر ڈویلپمنٹ اینڈ فنانس شفیق احمد ڈوگر نے متعلقہ افسران کو ہدایت کی کہ منصوبے کو مقررہ مدت کے اندر اعلیٰ معیار کے مطابق مکمل کیا جائے تاکہ عوام اور فنکار برادری کو اس کے ثمرات جلد از جلد حاصل ہو سکیں۔

ماحولیاتی تحفظ کا عالمی دن، ضلعی انتظامیہ ننکانہ صاحب نے ایک سال کے دوران 2 لاکھ 8 ہزار 666 پودے لگانے کا ریکارڈ عبور کر لیا

ننکانہ صاحب (چوہدری محمد عرفان گجر) ماحولیاتی تحفظ کا عالمی دن، ضلعی انتظامیہ ننکانہ صاحب نے ایک سال کے دوران 2 لاکھ 8 ہزار 666 پودے لگانے کا ریکارڈ عبور کر لیا۔ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز کے گرین پنجاب وژن کے تحت ضلع ننکانہ صاحب میں شجرکاری مہم تیزی سے جاری ہے۔ ترجمان ضلعی انتظامیہ کے مطابق ضلع ننکانہ صاحب میں 15 ماہ کے دوران 2 لاکھ 8 ہزار 666 پودے لگائے گئے، ایک لاکھ 64 ہزار 713 پودے محفوظ ہیں اور نشوونما پا رہے ہیں شہری و دیہی علاقوں سمیت مختلف شاہراہوں اور رابطہ سڑکات کے اطراف وسیع پیمانے پر شجرکاری کی جا رہی ہے۔ وار برٹن ننکانہ روڈ، بچیکی روڈ، مانگٹانوالہ روڈ اور مانوالہ روڈ، سانگلہ، شاہکوٹ، جوڈیشل کمپلیکس، گرین بیلٹس، پارکوں اور سرکاری عمارتوں کو بھی شجرکاری مہم کا حصہ بنایا گیا۔ انہوں نے بتایا کہ رواں سیزن کے دوران 45 ہزار پودے لگائے جا چکے، 50 ہزار پودے لگانے کا ہدف مقرر ہے۔ ماحولیاتی تحفظ کے عالمی دن کے موقع پر ڈپٹی کمشنر ننکانہ صاحب محمد سلیم اختر راو نے میڈیا نمائندگان سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ درخت انسانوں، جانوروں اور پرندوں کی زندگی کے لیے ناگزیر ہیں ہم صرف پودے نہیں لگاتے بلکہ ان کی حفاظت اور نگہداشت بھی یقینی بناتے ہیں

سالانہ مجلسِ عزا وجلوسِ شبیہ ذوالجناح شہیدِ کربلا حضرت امام حسینؑ کی یاد میں منعقد کیا گیا

جلوس ارشد علی بٹ اور بابا حسن رضا بٹ کی رہائش گاہ واقع شاد باغ کالونی سے برآمد ہوا

ننکانہ صاحب (چوہدری محمد عرفان گجر) سالانہ مجلسِ عزا و جلوسِ شبیہ ذوالجناح شہیدِ کربلا حضرت امام حسینؑ کی یاد میں منعقد کیا گیا۔ جلوس ارشد علی بٹ اور بابا حسن رضا بٹ کی رہائش گاہ واقع شاد باغ کالونی سے برآمد ہوا اور مقررہ راستوں سے ہوتا ہوا امام بارگاہ قصرِ فاطمہ الزہراؑ پر اختتام پذیر ہوا۔ تفصیلات کے مطابق اس موقع پر منعقدہ مجلسِ عزا سے ملک بھر سے آئے ہوئے ذاکرین اہلِ بیت نے خطاب کیا جن میں علامہ شرافت حسین بٹ، ذاکرِ اہلِ بیت کامران عباس بی اے اور شاعرِ اہلِ بیت علی عمران رائے شامل تھے۔ جبکہ معروف نوحہ خواں بشارت علی آف چیچہ وطنی اور عالمی شہرت یافتہ نوحہ خواں علی حمزہ فیصل آبادی نے نوحہ خوانی کی سعادت حاصل کی۔ جلوس میں مختلف شہروں سے آنے والی ماتمی سنگتوں نے بھی شرکت کی جن میں ماتمی سنگت اوکاڑہ (سالار ارشاد شیدو)، ماتمی سنگت چنیوٹ (فخر عباس)، ماتمی سنگت لاہور، ماتمی سنگت جڑانوالہ اور ماتمی سنگت پھول نگر شامل تھیں۔ تقریب میں دعائے مسافرہ شام کے جنرل سیکرٹری سید اسد بخاری، ضلعی صدر شیعہ علماء کونسل سید زبیر نقوی، سید امجد شاہ، سید عمران زیدی ایڈووکیٹ، سونو جعفری، سید ذیشان زیدی، سید زاہد شاہ کاظمی، سید مرتضیٰ زیدی سمیت دیگر معزز شخصیات اور علاقہ بھر سے بڑی تعداد میں عزاداران حسینؑ نے شرکت کی۔ جلوس کے شرکاء نے حضرت امام حسینؑ اور شہدائے کربلا کی عظیم قربانیوں کو خراج عقیدت پیش کیا اور آخر میں امام بارگاہ قصرِ فاطمہ الزہراؑ میں دعا وسلام کے ساتھ جلوس اختتام پذیر ہوا۔

غیر قانونی ہاؤسنگ سکیموں کے خلاف بھرپور کریک ڈاؤن

اس موقع پر چیف آفیسر ضلع کونسل خداداد تارڑ اور ڈسٹرکٹ آفیسر پلاننگ جاوید انور گوندل نے آپریشن کی نگرانی کی

ساہیوال (مہر اے ڈی نسیم سپرا سے) ڈپٹی کمشنر کیپٹن (ر) سمیع اللہ فاروق کی خصوصی ہدایات پر ضلع کونسل کی جانب سے غیر قانونی ہاؤسنگ سکیموں کے خلاف بھرپور کریک ڈاؤن کا سلسلہ جاری ہے۔ تازہ ترین کارروائی میں عارف والا روڈ پر قائم دو غیر قانونی ہاؤسنگ منصوبوں کے خلاف سخت آپریشن کرتے ہوئے تعمیرات کو مسمار کر دیا گیا۔ تفصیلات کے مطابق ضلع کونسل کی ٹیم نے موضع 115 نو ایل عارف والا روڈ پر قائم نجف سٹی اور موضع 108 نو ایل عارف والا روڈ پر واقع موسیٰ بلاک کے خلاف کارروائی کی۔ آپریشن کے دوران دونوں غیر قانونی ہاؤسنگ سکیموں کی چار دیواری، مرکزی گیٹس، دفاتر اور دیگر غیر مجاز تعمیرات کو بھاری مشینری کے ذریعے منہدم کر دیا گیا۔ اس موقع پر چیف آفیسر ضلع کونسل خداداد تارڑ اور ڈسٹرکٹ آفیسر پلاننگ جاوید انور گوندل نے آپریشن کی نگرانی کی۔ انہوں نے واضح کیا کہ حکومت پنجاب اور ضلعی انتظامیہ کی پالیسی کے مطابق ایسی تمام ہاؤسنگ سکیموں کے خلاف بلاامتیاز کارروائی جاری رکھی جائے گی جو متعلقہ قوانین اور ضوابط کے مطابق منظوری حاصل کیے بغیر عوام کو پلاٹ فروخت کر رہی ہیں

پنجاب آرٹس کونسل لاہور کی جانب سے ساہیوال میں پہلی مرتبہ دو روزہ صوفی فیسٹیول 12 اور 13 جون کو منعقد کیا جا رہا ہے

ساہیوال (مہر اے ڈی نسیم سپرا سے) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے امن، محبت اور رواداری کے وژن اور صوبائی وزیر اطلاعات وثقافت سید عظمیٰ بخاری کی ہدایات کی روشنی میں پنجاب آرٹس کونسل لاہور کی جانب سے ساہیوال میں پہلی مرتبہ دو روزہ صوفی فیسٹیول 12 اور 13 جون کو منعقد کیا جا رہا ہے۔ فیسٹیول کے انعقاد میں ساہیوال آرٹس کونسل انتظامی و مقامی سطح پر معاونت فراہم کرے گی۔ فیسٹیول میں صوفیانہ فکر، ثقافت اور فنونِ لطیفہ کے رنگ نمایاں ہوں گے۔ فیسٹیول کے پہلے روز 12 جون کو شام 4 بجے مصطفیٰ زیدی آرٹ گیلری، ساہیوال آرٹس کونسل میں خطاطی کی نمائش کا افتتاح کیا جائے گا جس میں نامور فنکاروں کے فن پارے پیش کیے جائیں گے۔ اسی روز شام 7 بجے اجوکا تھیٹر کی جانب سے معروف اسٹیج ڈرامہ "ملھا" پیش کیا جائے گا، جس میں عظیم صوفی شاعر حضرت بابا بلھے شاہ کی تعلیمات اور پیغام محبت کو فنکارانہ انداز میں اجاگر کیا جائے گا۔

جرم وسزا

CRIME & COURT

7 ملزمان نے چاقو کے وار کر کے نوجوان کو زخمی کر دیا

یاسین وغیرہ نے سنوکر کلب بنا رکھا تھا جہاں پر لڑکے جوا کھیلتے اور نشہ میں دھت غل غپاڑہ اور گالی گلوچ کرتے

ڈسکہ (احسان بٹ/محمد عباس بٹ) سنوکر کلب پر جوا کھیلنے اور نشہ کر کے غل غپاڑہ کرنے سے منع کرنے پر 7 ملزمان نے چاقو کے وار کر کے نوجوان کو زخمی کر دیا مقدمہ درج تھانہ سٹی کے علاقہ لاری اڈا پر یاسین وغیرہ نے سنوکر کلب بنا رکھا تھا جہاں پر لڑکے جوا کھیلتے اور نشہ میں دھت غل غپاڑہ اور گالی گلوچ کرتے جنہیں عامر شہزاد نے کئی بار منع کیا گذشتہ روز ملزمان یاسین خضر، سلیمن، وقار اور 4 نامعلوم مسلح اسلحہ و چاقو آئے اور اس کے بیٹے انیب کو جان سے مارنے کی نیت سے حملہ آور ہوئے اور چاقو کے وار کر کے اسے زخمی کر دیا زخمی انیب کا والد عامر شہزاد اپنے بیٹے کو بچانے آیا تو ملزمان نے اس پر بھی فائرنگ کر دی جو خوش قسمتی سے محفوظ رہا تھانہ سٹی پولیس نے عامر شہزاد کی مدعیت میں ملزمان کے خلاف مقدمہ درج کر لیا۔

5 مختلف وارداتوں میں نقدی، موبائل فونز، موٹر سائیکل ودیگر سامان چوری

ڈسکہ (احسان بٹ/محمد عباس بٹ) پانچ مختلف وارداتوں میں نقدی، موبائل فونز، موٹر سائیکل ودیگر سامان چوری۔ آڈھا میں بلال احمد کے کیفے کے کواٹر سے مختار اور لطیف کی نقدی 20 ہزار روپے اور موبائل 3 عدد چوری، ترگڑی میں محمد اشفاق کی گھر میں لٹکی قمیض کی جیب سے نقدی 15 ہزار روپے چوری، آڈھا میں محمد عثمان غنی کے کمرہ سے نقدی 20 ہزار روپے اور موبائل فون چوری، کانواں لٹ میں عدیل کی گھر کے باہر سے موٹر سائیکل چوری، پیرو چک میں سحر عدیل کی حویلی سے پنکھے 4 عدد، گاڈر 3 عدد اور لوہے کی بالیاں 2 عدد چوری۔ پولیس نے مقدمات درج کر لئے۔

ساہیوال پولیس کی ماہ مئی کے دوران جرائم کے خلاف بھرپور کارروائیاں

مختلف وارداتوں میں چوری کیا گیا 9 کروڑ 93 لاکھ 99 ہزار روپے مالیت کا مال مسروقہ مالکان کے حوالے

ساہیوال (مہر اے ڈی نسیم سپرا سے) ڈی پی او ساہیوال محمد عثمان ٹیپو کی قیادت میں ساہیوال پولیس نے ماہ مئی کے دوران جرائم کے خلاف بھرپور کارروائیاں کرتے ہوئے قابل ذکر نتائج حاصل کیے۔ ضلع بھر میں جرائم پیشہ عناصر کے خلاف مؤثر حکمت عملی کے تحت کارروائیاں کرتے ہوئے 20 کریمنل گینگز کے 48 ارکان کو گرفتار کیا جبکہ ان کے قبضہ سے مختلف وارداتوں میں لوٹا اور چوری کیا گیا 9 کروڑ 93 لاکھ 99 ہزار روپے مالیت کا مال مسروقہ برآمد کر کے قانونی تقاضے مکمل کرنے کے بعد اصل مالکان کے حوالے کر دیا گیا۔ منشیات فروشوں کے خلاف جاری خصوصی مہم کے دوران 130 ملزمان کو گرفتار کیا گیا۔ کارروائیوں کے دوران ملزمان کے قبضہ سے 2 من سے زائد چرس، 750 لیٹر سے زائد شراب اور 2 چالو بھٹیاں برآمد کی گئی۔ اشتہاری مجرمان اور عدالتی مفروران کے خلاف جاری کریک ڈاؤن میں ساہیوال پولیس کی کاروئیوں 748 اشتہاری مجرمان اور 223 عدالتی مفروران کو گرفتار کر کے قانون کے کٹہرے میں لایا گیا۔ ناجائز اسلحہ ر

"قوت" کلاسیفائیڈ
QUWAT
قوت
تمام اشتہارات نیک نیتی کے جذبہ سے شائع کئے جاتے ہیں کسی اشتہار کے غیر حقیقی ہونے کے بارے میں ادارہ کوئی ذمہ داری قبول نہیں کرتا ، اشتہارات صاف اور بے صفحہ پر ایک طرف لکھے ہوئے چائیں کٹے پھٹے اور مشکوک الفاظ والے اشتہارات غلط شائع ہونے کی شکایت قابل قبول نہ ہوگی۔
042-3636003

1 — تقریب — تقریب چاہئے

تقصیات جاری نہیں کی گئیں۔ یہ دورہ ایک ایسے وقت میں سامنے آیا ہے جب لبنان اور اسرائیل کے درمیان اپریل کے وسط میں ہونے والی ایک ہفتے کی بند شوں پر عائد پابندی، لبنانی حکام کے مطابق 2 مئی سے اب تک اسرائیلی حملوں میں 93 افراد ہلاک جبکہ 10 ہزار 990 زخمی ہو چکے ہیں۔

2 — تقریب — تقریب چاہئے

پانی ادارے ایریا پی نی نیز کے مطابق امریکی وفاقی ایجنسی یو ایس ایڈ نے اپنی تازہ ترین جائزہ رپورٹ میں اپنی ایجنسی کو کلیدی سماجی خطرات کی بنیاد پر ہائی رسک قرار دیا ہے۔ رپورٹ میں کہا گیا ہے کہ امریکی حکام سرگرمیوں اور اندرونی مشاورت کے متعلق معلومات حاصل کرنے کی کوشش کر رہا ہے۔ رپورٹ کے مطابق ایجنسی کو خدشہ ہے کہ اسرائیلی سیٹھ امریکی عہدیداروں کی حاصل کرنے کی کوشش کر رہا ہے۔ رپورٹ کے مطابق ایجنسی کو خدشہ ہے کہ اسرائیلی سیٹھ امریکی عہدیداروں کی سرگرمیوں اور اندرونی مشاورت کے متعلق معلومات حاصل کرنے کی کوشش کر رہا ہے۔ رپورٹ کے مطابق ایجنسی کی موجودہ صورتحال، خصوصاً ایران پر متعلق امور، پالیسی اور ترجیح انتظامیہ کے تحت تبدیلی ہوئی ہے۔ رپورٹ میں کہا گیا ہے کہ امریکی حکام اس خیال کے ہے کہ اسرائیل سیٹھ امریکی عہدیداروں کی سرگرمیوں اور اندرونی مشاورت کے متعلق معلومات حاصل کرنے کی کوشش کر رہا ہے۔ رپورٹ کے مطابق ایجنسی کو خدشہ ہے کہ اسرائیل سیٹھ امریکی عہدیداروں کی سرگرمیوں اور اندرونی مشاورت کے متعلق معلومات حاصل کرنے کی کوشش کر رہا ہے۔ رپورٹ میں کہا گیا

پے سکیل ریویز اور تنخواہوں میں 50 فیصد اضافہ کیا جائے: خالد سنگھیڑہ، یاسین وڑائچ

لیویکٹیسٹ، پنشن و گریجویٹی گریجویٹی مکمل بحال اور 30 ڈسپیسر ٹی الاؤنس دیا جائے، آؤٹ سورسنگ بند کی جائے، رانا لیاقت، پروفیسر فائزہ رعنا

لاہور (خبرنگار) آل گورنمنٹ ایسوسی ایشنز گریڈ الائنس (آگریگا) پنجاب میں شامل تنظیموں کا اجلاس چیئرمین خالد جاوید سنگھیڑہ کی زیر صدارت لاہور میں منعقد ہوا اجلاس میں یاسین وڑائچ، پروفیسر فائزہ رعنا، رانا لیاقت، پروفیسر جنید احمد خان، کاشف شہزاد، مجیب عالم، مختار گجر، میاں جہانگیر، فیاض گیلانی، محمد ہارون، زاہد رفیق، عبدالغفار گجر، ریاست علی، (بقیہ نمبر 3 ص 7)

مطالبات پورے نہ ہوئے تو بجٹ سے ایک دن پہلے پنجاب اسمبلی کے سامنے دھرنا دیا جائے گا: کاشف شہزاد، مختار گجر کی گفتگو

شاہدرہ میں دو افراد پر تیزاب پھینکنے والے ملزم کو گرفتار کر لیا گیا

ملزم یاسر نے شفیق، اسلم جان پر تیزاب پھینکا جس سے دونوں زخمی ہو گئے تھے

لاہور (این این آئی) شاہدرہ کے علاقے تمبی پان شاپ پر موجود دو افراد پر تیزاب پھینکنے والے ملزم کو گرفتار کر لیا گیا۔ ملزم یاسر محمود نے پان شاپ پر موجود دو افراد پر تیزاب پھینکا تھا جس سے 26 سالہ شفیق شدید جھلس کر زخمی ہوا جبکہ 17 سالہ اسلم جان کے بازو پر بھی تیزاب کے چھینٹے پڑنے کے باعث زخم آئے۔

پولیس نے 45 سالہ شہری کے اندھے قتل میں ملوث 2 ملزمان کو گرفتار کر لیا

ملزمان نے شہری عاصم کے 4500 روپے ہتھیانے کے لیے بیوہ کی جان لے لی تھی

لاہور (این این آئی) پولیس نے بی گیٹ کے علاقہ میں 45 سالہ شہری عاصم کے اندھے قتل میں ملوث 2 ملزمان کو گرفتار کر لیا ملزمان نے شہری عاصم کے 4500 روپے ہتھیانے کے لیے اسے بیوہ کر کے قتل کیا تھا۔ ذی آئی جی انویسٹی گیشن سید ذیشان رضا نے قتل کی تفتیش (بقیہ نمبر 36)

طلبہ کو عالمی معیار کی مصنوعی ذہانت پر مبنی تعلیمی سہولیات فراہم کی جائیں

گی، مشیر وزیر اعلیٰ پنجاب

میانوالی (این این آئی) مشیر وزیر اعلیٰ پنجاب برائے مصنوعی ذہانت (AI) علی زاہد کا کہنا ہے طلبہ کو عالمی معیار کی مصنوعی ذہانت پر مبنی تعلیمی سہولیات فراہم کی جائیں گی تاکہ انہیں جدید دور کے تقاضوں سے ہم آہنگ کیا جا سکے، علی زاہد سے ایکس آئی ٹیم نے ملاقات کی، ملاقات کے دوران تعلیمی نظام میں مثالی سطح پر جنریٹر کردہ لارج لینگویج ماڈلز (LLMs) کے انضمام اور جدید ٹیکنالوجی کے استعمال پر تفصیلی جائزہ خیال کیا گیا

ڈویلپمنٹ پروگرام کے تحت اعوان ٹاؤن میں نئی سیوریج پائپ لائن منصوبے کا سنگ بنیاد رکھ دیا گیا

صوبائی وزیر قوانین و کیبل پنجاب ملک فیصل ایوب کھوکھر اور کن فوڈ ایسوسی ایشن کے ہاتھوں منصوبے کا افتتاح کیا

لاہور (این این آئی) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے وژن کے تحت جاری ڈویلپمنٹ پروگرام کے تحت اعوان ٹاؤن کے دیرینہ سیوریج سسٹم کے حل کے لیے نئی سیوریج پائپ لائن منصوبے کا سنگ بنیاد رکھا گیا۔ افتتاحی تقریب میں صوبائی وزیر قوانین و کیبل، پنجاب ملک فیصل ایوب کھوکھر اور کن فوڈ ایسوسی ایشن کے چیئرمین محمد نعمان نے بطور مہمانِ خصوصی شرکت کی۔ منصوبے کے تحت تقریباً ایک کروڑ روپے کی لاگت سے نئی سیوریج لائن بچھائی جا رہی ہے، جس کے ذریعے اعوان ٹاؤن کی سیوریج لائن کو مکان روڈ سے مین ٹرنک سیوریج سے منسلک کیا جائے گا۔ اس منصوبے کی تکمیل سے علاقے میں سیوریج کے دیرینہ مسائل کا مستقل حل ممکن ہو گا۔

پاکستان سمیت دنیا بھر میں سمندر کے تحفظ کا عالمی دن (آج) منایا جائے گا

مکو آنہ (این این آئی) پاکستان سمیت دنیا بھر میں سمندر کے تحفظ کا عالمی دن (آج) 8 جون کو منایا جائے گا اس دن کے منانے کا مقصد سمندروں کو ماحولیاتی آلودگی سے بچانے اور آبی حیات کے تحفظ کیلئے عوامی شعور بیدار کرنے ہے اس دن کے حوالے سے مختلف سماجی تنظیموں کی جانب سے تقاریب کا اہتمام کیا جائے گا جس سے خطاب کرتے ہوئے ماہرین انسانی حیات کیلئے سمندروں کی اہمیت کو اجاگر کریں گے۔

پاکستان سمیت دنیا بھر میں برین ٹیومر (دماغی رسولی) سے آگاہی کا عالمی دن (آج) منایا جائے گا

مکو آنہ (این این آئی) پاکستان سمیت دنیا بھر میں برین ٹیومر (دماغی رسولی) سے آگاہی کا عالمی دن (آج) 8 جون کو منایا جائے گا جس کا مقصد دماغی رسولی سے جنم لینے والی پیچیدگیوں اور علاج معالجے کے متعلق آگاہی اور اس سے متاثرہ مریضوں کی حوصلہ افزائی کرنا ہے۔ اس حوالے سے فیصل آباد سمیت ملک بھر میں سیمینار اور تقریبات کا اہتمام کیا جائے گا۔

"واٹس چانسلر ویمن یونیورسٹی ملتان کا شعبہ نباتیات کے بوٹنی اسٹوڈیو کا دورہ، طالبات کی سائنسی کاوشوں کو سراہا"

ملتان (خبرنگار) ویمن یونیورسٹی ملتان کے شعبہ نباتات میں طالبات کے تیار کردہ پریزنٹیشن کی نمائش کی گئی۔ ترجمان کے مطابق ویمن یونیورسٹی ملتان کے واٹس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر سید مدثر شاہ نے متعلقہ شعبہ نباتات کے بانی اسٹوڈیو کا دورہ کیا، جہاں انہوں نے طالبات کی جانب سے تیار کردہ سائنسی ماڈلز، تحقیقی مضمون اور علمی سرگرمیوں کا تفصیلی جائزہ لیا اور اس سے متاثرہ دوران واٹس چانسلر نے مختلف سائنسی پریزنٹیشن میں طالبات کی تخلیقی صلاحیتوں، تحقیقی مہارت اور علمی استعداد کو سراہتے ہوئے کہا کہ طالبات کی محنت اور سائنسی سوچ اس بات کا ثبوت ہے کہ ویمن یونیورسٹی ملتان جدید تحقیق اور معیاری تعلیم کے فروغ میں نمایاں کردار ادا کر رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ نباتی اسٹوڈیو میں پیش کیے گئے ماڈلز اور تحقیقی کام نہ صرف طالبات کی صلاحیتوں کی عکاسی کرتے ہیں بلکہ یہ اساتذہ کی بہترین رہنمائی کا بھی نتیجہ ہیں' سائنسی تحقیق، (بقیہ نمبر 3 ص 3)

ملک کو فرقہ ورکانہ والی سیاست کا دور ختم، ترقی اور استحکام کا یہ نیا پی قبول ہوگا: ملک افضل کھوکھر

ریاستی اداروں اور جمہوری نظام پر اعتماد کو نقصان پہنچانے کی ہر کوشش کا سیاسی و جمہوری انداز میں جواب دیا جائیگا

رائے ونڈ (این این آئی) مسلم لیگ (ن) کے مرکزی رہنما و مرکزی قومی اسمبلی ملک افضل کھوکھر نے کہا ہے کہ پاکستان کو فرقہ ورکانہ والی سیاست کا دور گزر چکا ہے، اب صرف دفاعی بیانیہ قبول کیا جائے گا جو ترقی، استحکام اور قومی مفاد کے حق میں ہو، ریاستی اداروں اور جمہوری نظام پر اعتماد کو نقصان پہنچانے کی ہر کوشش کا سیاسی و جمہوری انداز میں بھرپور جواب دیا جائے گا۔ انہوں نے اپنے بیان میں کہا کہ ماضی میں بعض عناصر نے سیاسی مفادات کے لیے اداروں، جمہوری نظام اور ریاستی ڈھانچے کو متنازع بنانے کی کوشش کی تاہم اب قوم اس طرح کی منفی سیاست کو مسترد کر چکی ہے۔ پاکستان کو درپیش معاشی و انتظامی چیلنجز کا حل عوام کے حق میں ہو، ریاستی اداروں اور جمہوری نظام پر اعتماد کو نقصان پہنچانے کی ہر کوشش کا سیاسی و جمہوری انداز میں بھرپور جواب دیا جائے میں ہے۔

پاکستان سمیت دنیا بھر میں سمندر کے تحفظ کا عالمی دن (آج) منایا جائے گا

مکو آنہ (این این آئی) پاکستان سمیت دنیا بھر میں سمندر کے تحفظ کا عالمی دن (آج) 8 جون کو منایا جائے گا اس دن کے منانے کا مقصد سمندروں کو ماحولیاتی آلودگی سے بچانے اور آبی حیات کے تحفظ کیلئے عوامی شعور بیدار کرنے ہے اس دن کے حوالے سے مختلف سماجی تنظیموں کی جانب سے تقاریب کا اہتمام کیا جائے گا جس سے خطاب کرتے ہوئے ماہرین انسانی حیات کیلئے سمندروں کی اہمیت کو اجاگر کریں گے۔

راولپنڈی، سفتر اپنجاب کی گاڑی میں آگ لگ گئی، گاڑی مکمل تباہ

گاڑی کپھرا نے کر لیاقت باغ ٹرانسفر اسٹیشن جاری تھی کہ راستے میں اس میں آگ لگ گئی

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی میں وارث خان کے علاقے مری روڈ پر سفتر ا پنجاب پروگرام کی ایک کپھرا بردار گاڑی میں اچانک آگ بھڑک اٹھی جس کے نتیجے میں گاڑی مکمل طور پر جل

سرکاری نرخنامہ غیر مؤثر، شہریوں کی روٹی 20 روپے میں فروخت ہونے لگی

سرکاری نرخ پر عملدرآمد نہ ہونے سے شہری پریشان ہو گئے، نانبائیوں نے اخراجات بڑھنے کا جواز پیش کر دیا

لاہور (زیڈ این این) شہر میں سرکاری نرخنامے کے باوجود روٹی مقررہ قیمت پر دستیاب نہ ہو سکی، جبکہ متعدد علاقوں میں روٹی 20 روپے میں فروخت کی جا رہی ہے۔ شہریوں کا کہنا ہے کہ سرکاری نرخ اور مارکیٹ میں وصول کی جانے والی قیمتوں کے درمیان واضح فرق نے عوام کو شدید پریشانی میں مبتلا کر رکھا ہے۔ ان کے مطابق عملی

ایٹمی ممی لانڈرنگ ایکٹ پر مؤثر عملدرآمد وقت کی اہم ضرورت ہے: لاہور چیمبر

عوام، تاجروں اور صنعتکاروں میں آگاہی کے لیے ملک گیر سیمینارز اور تربیتی پروگرام منعقد کیے جائیں

مالیاتی شفافیت کیلئے قانون پر عمل ضروری، ٹیکس دہندگان کو ہراساں کرنا قابل قبول نہ ہے، فاروق گجر

لاہور (زیڈ این این) لاہور چیمبر کامرس اینڈ انڈسٹری نے کہا ہے کہ ملک میں مالیاتی شفافیت، مشکوک ٹرانزیکشنز کی روک تھام اور حالی مالیاتی معیارکے حصول کے لیے ایٹمی ممی لانڈرنگ ایکٹ پر مؤثر عملدرآمد ناگزیر ہے۔ تاہم قانون کے نفاذ کی آڑ میں ٹیکس دہندگان اور کاروباری طبقے کو بلاجواز ہراساں کرنا کسی صورت قابل قبول نہیں اور یہ بنیادی انسانی حقوق کے منافی ہے۔ ان خیالات کا اظہار لاہور چیمبر کامرس اینڈ انڈسٹری کے صدر رانا

ڈی جی فوڈ اتھارٹی سہ ماہی رضا

مطابق کارروائی کے دوران یہ بات سامنے آئی کہ چربی سے تیار کردہ آئل میں مطلوبہ معیار کے مطابق ریکارڈ اور سرٹیفکیٹس موجود نہیں تھے، ڈی جی فوڈ اتھارٹی سہ ماہی رضا

لاہور (زیڈ این این) پنجاب فوڈ اتھارٹی نے پنجاب فوڈ اتھارٹی کے تحت سندر اسٹیٹ، شاہدرہ اور لونلن مارکیٹ منڈیالی شاپ سمیت مختلف علاقوں میں کارروائی کرتے ہوئے ناقص اور غیر معیاری خوراک کے کاروبار کے خلاف بڑا آپریشن کیا۔ ڈی جی فوڈ اتھارٹی سید مہدی رضا کے

ڈی جی فوڈ اتھارٹی کا مختلف علاقوں میں ناقص خوراک کے خلاف بڑا آپریشن

سندر اسٹیٹ، شاہدرہ اور لونلن مارکیٹ میں کارروائیاں، صفائی کا ناقص صورتحال اور قوانین کی خلاف ورزیاں بے نقاب

چربی سے تیار کردہ آئل میں مطلوبہ معیار کے مطابق ریکارڈ اور سرٹیفکیٹس موجود نہیں تھے، ڈی جی فوڈ اتھارٹی سہ ماہی رضا

لاہور (زیڈ این این) پنجاب فوڈ اتھارٹی نے پنجاب فوڈ اتھارٹی کے تحت سندر اسٹیٹ، شاہدرہ اور لونلن مارکیٹ منڈیالی شاپ سمیت مختلف علاقوں میں کارروائی کرتے ہوئے ناقص اور غیر معیاری خوراک کے کاروبار کے خلاف بڑا آپریشن کیا۔ ڈی جی فوڈ اتھارٹی سید مہدی رضا کے

ڈی جی فوڈ اتھارٹی کا مختلف علاقوں میں ناقص خوراک کے خلاف بڑا آپریشن

سندر اسٹیٹ، شاہدرہ اور لونلن مارکیٹ میں کارروائیاں، صفائی کا ناقص صورتحال اور قوانین کی خلاف ورزیاں بے نقاب

چربی سے تیار کردہ آئل میں مطلوبہ معیار کے مطابق ریکارڈ اور سرٹیفکیٹس موجود نہیں تھے، ڈی جی فوڈ اتھارٹی سہ ماہی رضا

لاہور (زیڈ این این) پنجاب فوڈ اتھارٹی نے پنجاب فوڈ اتھارٹی کے تحت سندر اسٹیٹ، شاہدرہ اور لونلن مارکیٹ منڈیالی شاپ سمیت مختلف علاقوں میں کارروائی کرتے ہوئے ناقص اور غیر معیاری خوراک کے کاروبار کے خلاف بڑا آپریشن کیا۔ ڈی جی فوڈ اتھارٹی سید مہدی رضا کے

"سیدنا عثمان غنیؓ شرم و حیا، قربانی اور ایثار کے عظیم پیکر تھے" مولانا شیر احمد

آپؓ نے اپنی دولت اور جان اسلام کیلئے وقف کر کے رہتی دنیا کیلئے ایثار کی اعلیٰ ترین مثال قائم کی

لاہور (این این آئی) عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت کے رہنما مولانا شیر احمد، قاری محمد اشفاق حسین ثاقب، مولانا نظام الدین انوری، قاری محمد شفیق المدنی، مولانا ذوالفقار محمد یاروان، قاری عمر فاروق رحیمی، مولانا زاہد مدثر، مفتی حبیب اللہ عثمان، مفتی عبدالودود قریشی، قاری محمد اقبال، مولانا

ساہیوال، سفاک شوہر نے، بہنوئی کیساتھ ملکر بیوی اور بیٹی پر پیٹرول چھڑک کر آگ لگا دی

صوبیہ پروین نے تقریباً 15 سال قبل شاہان بھٹی سے شادی کی، جوڑے کے پانچ بچے ہیں، رپورٹ

ساہیوال (این این آئی) پنجاب کے ضلع ساہیوال کی شاہان کالونی میں ایک خاتون اور اس کی بیٹی کو اس کے شوہر اور بہنوئی نے مبینہ طور پر پٹرول چھڑک کر آگ لگا دی جس سے وہ شدید زخمی ہو گئیں۔ رپورٹ کے مطابق ریسکیو 1122 کو زخمی ماں بیٹی کو علاج کیلئے ساہیوال جنرل ہسپتال کے چک 65-5-L کے شہان بھٹی سے شادی کی

ایف آئی اے کا بیکیج ہیرو کیس میں 3 ملزمان کو گرفتار کر لیا

اجلاس چیئرمین خالد جاوید سنگھیڑہ کی زیر صدارت لاہور میں منعقد ہوا اجلاس میں یاسین وڑائچ، خالد سنگھیڑہ، رانا لیاقت، پروفیسر جنید احمد خان، کاشف شہزاد، مجیب عالم، مختار گجر، میاں

معاشی مشکلات نے بچوں کو اعلیٰ تعلیم دلانا، ڈراونا خواب بنا دیا ہے: جاوید قصوری

پاکستانی یونیورسٹیوں میں طلبہ کی تعداد میں 13 فیصد تک کی، مہنگے تعلیمی نظام پر سوالیہ نشان ہے

حکومت سرکاری جامعات کے لیے فنڈز میں اضافہ اور تعلیمی اخراجات میں کمی کرے، امیر جماعت اسلامی پنجاب

لاہور (خبرنگار) امیر جماعت اسلامی پنجاب محمد جاوید قصوری نے پاکستانی یونیورسٹیوں میں طلبہ کی تعداد میں 13 فیصد تک کی اور میڈیکل و ڈینٹل کالجوں کی 743 نشستوں کے خالی رہ جانے کو انتہائی تشویشناک قرار دیتے ہوئے کہا کہ یہ صورتحال ملک کے مجموعی تعلیمی (بقیہ نمبر 38 ص 8)

سانگلہ ہل میں ٹرما سنٹر کا قیام ناگزیر، حکومتی غفلت انسانی جانوں کی دشمن بن چکی ہے، متحدہ عوامی موومنٹ

ملبے بھالنے پر دم توڑتی ایمبولینسیں، خاموش حکومت، سانگلہ ہل میں ٹرما سنٹر کا فوری مطالبہ

نکانہ صاحب (این این آئی) سانگلہ ہل میں ٹرما سنٹر کا قیام وقت کی اہم ترین ضرورت بن چکا ہے۔ سانگلہ ہل اور گردونواح کی بڑھتی ہوئی آبادی کے پیش نظر یہاں ایمرجنسی طبی سہولیات کا فقدان ایک سنگین مسئلہ بنتا جا رہا ہے۔ شدید حادثات، دل کے دورے، فائرنگ اور دیگر ہنگامی صورتحال میں مریضوں کو فیصل آباد، لاہور اور دیگر بڑے شہروں میں منتقل کیا جاتا ہے، جس کے باعث قیمتی انسانی جانیں ضائع ہو رہی ہیں۔ خصوصاً ریلوے پھاٹک کی بار بار بند شیں ایک مستقل عذاب بن چکی ہے۔

اسپیکر ہولرز کا مضبوط رابطہ ملک و معاشی استحکام کی جانب لیجا سکتا ہے، سابق سیکرٹری خارجہ شمشاد احمد خان

پاکستان اکنامک مومنٹ فقعہ ہلر کے دفتر کی سابق سیکرٹری خارجہ سے ملاقات مختلف امور پر خیالات خیال کیا گیا

لاہور (این این آئی) پاکستان اکنامک مومنٹ فقعہ ہلر کے دفتر کی سابق سیکرٹری خارجہ شمشاد احمد خان سے ملاقات کی جس میں پاکستان کی معاشی ترقی، کاروباری شعبے کی بہتری اور بزنس کمیونٹی کو درپیش چیلنجز و مواقع پر تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ پاکستان اکنامک مومنٹ فقعہ ہلر کے صدر عابد علی بٹ کی میزبانی میں ہونے والی ملاقات میں سرپرست اعلیٰ میاں اکرم نثار، سینئر نائب صدر ظفر محمود، بے ایف کے صدر ڈاکٹر اعجاز احمد قریشی، نصیر چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے صدر کاشف کھوکھر، چیئرمین فوڈ کے سی ای او عمران اعجاز اور دانشوران سمیت دیگر بھی موجود تھے۔

حکومت پرنگی، بے روزگاری چوبا ہے، معاشی پالیسیوں میں بہتری کے لیے فوری اقدامات کرے، راہ ہمیل مرج

رائے ونڈ (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی لاہور کے جنرل سیکرٹری راہ ہمیل مرج نے کہا ہے کہ حکومت کو چاہیے کہ وہ مہنگائی پر قابو پائے، روزگار کے مواقع پیدا کرنے اور معاشی پالیسیوں میں بہتری کے لیے سنجیدہ اقدامات کرے، پیپلز پارٹی ہمیشہ جمہوری نظام کے تسلسل، صوبائی خودمختاری اور عوامی حقوق کیلئے جدوجہد کی ہے۔

میانوالی کے تھانہ مکڑوال پولیس کی کارروائی بدنام زمانہ بین الصوبائی منشیات سمگلر گرفتار

میانوالی (این این آئی) میانوالی کے تھانہ مکڑوال پولیس کی کارروائی بدنام زمانہ بین الصوبائی منشیات سمگلر 10 کلوگرام ہیروئن کی برآمدگی کے بعد مقدمہ درج کر لیا گیا۔ ذرائع کے مطابق مکڑوال پولیس کو ایک خفیہ اطلاع موصول ہوئی کہ بین الصوبائی منشیات سمگلر بھاری مقدار میں ہیروئن کو اپنی کی چرس صوبہ پنجاب سے دیگر صوبوں کو سپلائی کرنے کی کوشش کر رہا ہے

لاہور ہائیکورٹ میں صوبائی جسٹس کمیٹی اجلاس (آج) ہوگا

عدالتی نظام، انصاف کی بروقت فراہمی، ادارہ جاتی ہم آہنگی سے متعلق اہم امور پر غور کیا جائیگا

لاہور (این این آئی) چیف جسٹس لاہور ہائیکورٹ جسٹس عالیہ نیلم کے صوبائی جسٹس کمیٹی پنجاب کا اہم اجلاس آج (بدھ) 8 جون کو لاہور ہائیکورٹ میں ہوگا۔ اجلاس میں صوبے میں عدالتی نظام، انصاف کی بروقت فراہمی اور ادارہ جاتی ہم آہنگی سے متعلق اہم امور پر غور کیا جائے گا۔ اجلاس میں مختلف انتظامی اور قانونی معاملات بھی زیر بحث آئیں گے۔

اہل بیتؓ، صحابہؓ کی تعلیمات اتحاد و امن کا ذریعہ ہیں، جے یو آئی (س)

محرم میں قیام امن کیلئے تمام مسالک کو ذمہ داری کا مظاہرہ کرنا چاہیے تاکہ کسی حالات خراب نہ ہوں

لاہور (این این آئی) جمعیت علمائے اسلام (س) لاہور کے امیر و مرکزی سالار مولانا قاری اعظم حسین، امیر مولانا نور محمد قادری، مولانا حافظ اہل مولانا ایوب خان، ڈپٹی سیکرٹری جنرل اکبر تونسوی، مولانا محمد ممتاز، مولانا توقیر عباس سمیت

ملک کو فرقہ ورکانہ والی سیاست کا دور ختم، ترقی اور استحکام کا یہ نیا پی قبول ہوگا: ملک افضل کھوکھر

ریاستی اداروں اور جمہوری نظام پر اعتماد کو نقصان پہنچانے کی ہر کوشش کا سیاسی و جمہوری انداز میں جواب دیا جائیگا

رائے ونڈ (این این آئی) مسلم لیگ (ن) کے مرکزی رہنما و مرکزی قومی اسمبلی ملک افضل کھوکھر نے کہا ہے کہ پاکستان کو فرقہ ورکانہ والی سیاست کا دور گزر چکا ہے، اب صرف دفاعی بیانیہ قبول کیا جائے گا جو ترقی، استحکام اور قومی مفاد کے حق میں ہو، ریاستی اداروں اور جمہوری نظام پر اعتماد کو نقصان پہنچانے کی ہر کوشش کا سیاسی و جمہوری انداز میں بھرپور جواب دیا جائے

لاہور: تاریخی مسجد وزیر خان کو دیکھنے کیلئے آنے والی لڑکیاں بیڑھیوں پر بیٹھ کر تصاویر بنوا رہی ہیں

مافیا نے قابو مہنگی اینٹوں نے غریب کیلئے گھر خواب بنا دیا

بھٹہ مالکان کی من مانی عروج پر، کاریگر ریٹ 9 ہزار فروخت 22 ہزار میں، ضلعی انتظامیہ خاموش تماشائی

نکانہ صاحب میں اینٹوں کی قیمتیں آسمان پر، بھٹہ مالکان کی من مانی عروج پر، کاریگر ریٹ 9 ہزار فروخت 22 ہزار میں، ضلعی انتظامیہ خاموش تماشائی اینٹوں کے نرخ آسمان سے باتیں کرنے لگے ہیں، جس کے باعث تعمیراتی سرگرمیاں شدید متاثر ہو رہی ہیں جبکہ غریب اور متوسط طبقہ مہنگائی کے بوجھ تلے بری طرح دب چکا ہے

نکانہ صاحب (این این آئی) ضلع نکانہ صاحب میں بھٹہ مالکان کی بے لگام من مانی اور مہنگی اینٹوں کی قیمتیں میں غیر قانونی اضافے نے عوام کا جینا دوبھر کر دیا ہے۔ اینٹوں کے نرخ آسمان سے باتیں کرنے لگے ہیں جس کے باعث تعمیراتی سرگرمیاں شدید متاثر ہو رہی ہیں جبکہ غریب اور متوسط طبقہ مہنگائی کے بوجھ تلے بری طرح دب چکا ہے۔ تفصیلات کے مطابق حکومت پنجاب کی جانب سے اینٹوں کی (بقیہ نمبر 39 ص 8)

پنشنرز ایکشن کمیٹی نیشنل بینک آف پاکستان کے ممبران نیشنل بینک انتظامیہ کے خلاف احتجاجی مظاہرہ کر رہے ہیں

اسٹیک ہولڈرز کا مضبوط رابطہ ملک کو معاشی استحکام کی جانب لیجا سکتا ہے

سابق سیکرٹری خارجہ شمشاد احمد خان

لاہور (این این آئی) پاکستان اکنامک مومنٹ فقعہ ہلر کے دفتر نے سابق سیکرٹری خارجہ شمشاد احمد خان سے ملاقات کی جس میں پاکستان کی معاشی ترقی، کاروباری شعبے کی بہتری اور بزنس کمیونٹی کو درپیش چیلنجز و مواقع پر تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ پاکستان اکنامک مومنٹ فقعہ ہلر کے صدر عابد علی بٹ کی میزبانی میں ہونے والی ملاقات میں سرپرست اعلیٰ میاں اکرم نثار، سینئر نائب صدر ظفر محمود، بے ایف کے صدر ڈاکٹر اعجاز احمد قریشی، نصیر چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے صدر کاشف کھوکھر، چیئرمین فوڈ کے سی ای او عمران اعجاز اور دانشوران سمیت دیگر بھی موجود تھے۔

پاکستان نے بہترین سفارتکاری کے ذریعے صلاحیتوں کا لوہا منوایا" ہمایوں اختر خان

حلقے کی تعمیر و ترقی کیلئے ہر ممکن کردار ادا کر رہے ہیں، خطہ نہیں آگے، سابق وفاقی وزیر کی وفد سے گفتگو

لاہور (زیڈ این این) سابق وفاقی وزیر ہمایوں اختر خان نے کہا ہے کہ پاکستان نے امریکہ، ایران کے معاملے میں بہترین سفارتکاری کے ذریعے اپنی صلاحیتوں کا لوہا منوایا ہے، حلقے کی تعمیر و ترقی کیلئے ہر ممکن کردار ادا کر رہے ہیں اور ان شاءاللہ اس میں مسلسل بہتری آئے گا، ہم باہم تفریق ہرطبقے کیلئے موثر آواز اظہار ہے میں۔ ان خیالات کا اظہار۔

لاہور ہائیکورٹ میں صوبائی جسٹس کمیٹی اجلاس (آج) ہوگا

عدالتی نظام، انصاف کی بروقت فراہمی، ادارہ جاتی ہم آہنگی سے متعلق اہم امور پر غور کیا جائیگا

لاہور (این این آئی) چیف جسٹس لاہور ہائیکورٹ جسٹس عالیہ نیلم کے صوبائی جسٹس کمیٹی پنجاب کا اہم اجلاس آج (بدھ) 8 جون کو لاہور ہائیکورٹ میں ہوگا۔ اجلاس میں صوبے میں

لاہور: بیج چوک میں لینڈ اسکیپنگ کا خوبصورت منظر

ڈی جی فوڈ اتھارٹی کا مختلف علاقوں میں ناقص خوراک کے خلاف بڑا آپریشن

سندر اسٹیٹ، شاہدرہ اور لونلن مارکیٹ میں کارروائیاں، صفائی کا ناقص صورتحال اور قوانین کی خلاف ورزیاں بے نقاب

چربی سے تیار کردہ آئل میں مطلوبہ معیار کے مطابق ریکارڈ اور سرٹیفکیٹس موجود نہیں تھے، ڈی جی فوڈ اتھارٹی سہ ماہی رضا

لاہور (زیڈ این این) پنجاب فوڈ اتھارٹی نے پنجاب فوڈ اتھارٹی کے تحت سندر اسٹیٹ، شاہدرہ اور لونلن مارکیٹ منڈیالی شاپ سمیت مختلف علاقوں میں کارروائی کرتے ہوئے ناقص اور غیر معیاری خوراک کے کاروبار کے خلاف بڑا آپریشن کیا۔ ڈی جی فوڈ اتھارٹی سید مہدی رضا کے

لاہور: ایک محنت کش نے انارکلی بازار میں بند دکانوں کے سامنے مختلف اشیاء فروخت کیلئے رکھی ہوئی ہیں

میانوالی شہر میں دودھ مافیا نے دودھ کی قیمتوں میں ہوشربا اضافہ کر دیا

میانوالی (این این آئی) میانوالی شہر میں دودھ مافیا نے دودھ کی قیمتوں میں ہوشربا اضافہ کر دیا، شہری سراپا احتجاج، چوک کو ہائیلز سے لے کر چوک موتی مسجد اور گیٹ بینک سے لے کر محلہ شیران ٹیل تک بلوٹیل روڈ کے گرد دنواح میں دودھ فروشوں کی دکانیں اور ہوٹلز موجود ہیں ان پر دودھ فروشی کا بھی کاروبار ہوتا ہے ان دکانداروں نے دودھ کی قیمتوں میں من مانا اضافہ کر رکھا ہے

سرگودھا، شہر افیا پنجاب کے عملہ صفائی کی اتوار کے روز تعطیل، شہر بھر میں کوڑا کرکٹ نے شہر کی خوبصورتی کو پامال کر دیا

سرگودھا (این این آئی) سرگودھا میں شہر افیا پنجاب کے عملہ صفائی کی اتوار کے روز تعطیل کے باعث شہر بھر میں کوڑا کرکٹ نے شہریوں کے شہر کی خوبصورتی کو پامال کر دیا اور شہری دن بھر از خود صفائی میں مصروف نظر آئے جن کا کہنا تھا کہ ہر ماہ باقاعدگی سے صفائی واجبات وصول کے باوجود صفائی کا ناقص انتظام حکومت پنجاب کو بدنام کرنے کے مترادف ہے۔

سرگودھا، شہر افیا پنجاب بارکوسل نے کہا ہے کہ قانون سازی کے عمل کو موثر مضبوط بنانے کیلئے وکلاء تنظیموں کی بیٹھ تر مشاورت سے موثر

لاہور (این این آئی) پنجاب بارکوسل نے کہا ہے کہ قانون سازی کے عمل کو موثر مضبوط بنانے کیلئے وکلاء تنظیموں کی بیٹھ تر مشاورت سے موثر ذریعے انصاف کی فراہمی اور گورننس کے نظام کو

قلعہ عبداللہ، شادی کی تقریب میں ہوائی فائرنگ، 2 نوجوان جاں بحق

واقعہ گزشتہ رات قلعہ عبداللہ کے علاقے گلستان میں پیش آیا، ملزم جائے وقوع سے فرار

قلعہ عبداللہ (این این آئی) بلوچستان کے ضلع قلعہ عبداللہ میں شادی کی تقریب میں ہوائی فائرنگ کی زد میں آکر 2 نوجوان جاں بحق ہو گئے۔ پولیس کے مطابق واقعہ گزشتہ رات قلعہ عبداللہ کے علاقے گلستان میں پیش آیا۔ پولیس حکام کے مطابق ملزم جائے وقوع سے فرار ہو گیا ہے اور اس کی تلاش جاری ہے۔ حکام نے بتایا کہ واقعے کا مقدمہ درج کر لیا ہے۔

لاہور: جلیلی کے ساتھ جلیانی پارک کی سیر کیلئے آئی ہوئی ایک فیملی درخت کے سائے میں بیٹھ کر کھانا کھا رہی ہے

سیاسی عمل کو مضبوط، مؤثر بنانے کیلئے صوبائی الیکشن کمیشن کا قیام ناگزیر ہے، پنجاب بار کونسل

قانون کے مزید مضبوط بنانے کیلئے صوبائی الیکشن کمیشن کا قیام ناگزیر ہے، پنجاب بار کونسل

عوام کو سستا، فوری انصاف فراہم کرنے کے لیے عدالتی انفراسٹرکچر کی بہتری پر خصوصی توجہ دی جائے

وکلاء کی فلاح و بہبود کیلئے خصوصی سکیمیں دی جائیں، وائس چیئرمین خواجہ قیصر، چیئرمین ایگزیکٹو کمیٹی فخر حیات مزید مؤثر بنایا جا سکتا ہے، آئندہ مالی سال کیلئے پیش کئے جانے والے بجٹ میں وکلاء کی فلاح و بہبود کے لیے خصوصی سکیمیں دی جائیں (بقیہ نمبر 40 ص 8)

میانوالی شہر میں دودھ مافیا نے دودھ کی قیمتوں میں ہوشربا اضافہ کر دیا

میانوالی (این این آئی) میانوالی شہر میں دودھ مافیا نے دودھ کی قیمتوں میں ہوشربا اضافہ کر دیا، شہری سراپا احتجاج، چوک کو ہائیلز سے لے کر چوک موتی مسجد اور گیٹ بینک سے لے کر محلہ شیران ٹیل تک بلوٹیل روڈ کے گرد دنواح میں دودھ فروشوں کی دکانیں اور ہوٹلز موجود ہیں ان پر دودھ فروشی کا بھی کاروبار ہوتا ہے ان دکانداروں نے دودھ کی قیمتوں میں من مانا اضافہ کر رکھا ہے

محرم الحرام ہمیں صبر، برداشت، ایثار اور بھائی چارے کا درس دیتا ہے، شیخ نعیم طاہر

محرم الحرام میں امن و امان کو برقرار رکھنے، گلی محلوں بھائی چارے اور ذہنی ہم آہنگی کے لیے قومی امن کمیٹی اہم کردار ادا کرے گی

سرگودھا (این این آئی) قومی امن کمیٹی برائے بین المذاہب ہم آہنگی پاکستان سرگودھا کے ضل